Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ — عوام کی بے ساختہ للکار — ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

جلد 12 — بدھ 28 فروری 2022ء، 26 رجب المرجب 1443ھ، 15 پھاگن 2078ب، قیمت 20 روپے — شمارہ 305

تنازعات کے حل کیلئے ڈائیلاگ پر یقین رکھتا ہوں

وزیراعظم کا بھارت کو پیغام

ڈائیلاگ کی خواہش کو کمزوری کی علامت نہیں سمجھنا چاہیے، سفارت کاری سے تنازعات کے حل کا اظہار بھارت کو 27 فروری 2019 کے حملے کے دن بھی کیا جب بھارت نے ہم پر حملہ کرنا چاہا

پاک فوج کسی بھی فوجی جارحیت کا عوام کی حمایت سے ہر سطح پر بھرپور جواب دے گی، ہم مادر وطن اور قوم کے دفاع کے لیے پرعزم اور ثابت قدم ہیں، وزیراعظم

صوبائی وزیر صنعت وتجارت میاں اسلم اقبال جاری ترقیاتی کاموں کا جائزہ لے رہے ہیں

اسلام آباد (اے ایف پی) وزیراعظم عمران خان نے آپریشن سوفٹ ریٹارٹ کے تین سال مکمل ہونے پر ایک بار پھر بھارت کو پیغام دیا ہے کہ تنازعات کے حل کے لیے ہیڈ ڈائیلاگ اور سفارتکاری پر یقین رکھتا ہوں۔ آپریشن سوفٹ ریٹارٹ کے تین سال مکمل ہونے پر وزیراعظم عمران خان کی جانب سے سوشل میڈیا پر ایک پیغام جاری کیا گیا ہے۔ عمران خان نے اپنی ٹویٹ میں لکھا کہ تنازعات (بقیہ نمبر 1)

آپریشن سوفٹ ریٹارٹ کے 3 سال مکمل ہونے پر نغمہ جاری

پاک فوج کے جوانوں اور آپریشن کے ہیروز کو خراج تحسین پیش کیا ہے

اسلام آباد (فیصل ندیم رپے) آپریشن سوفٹ ریٹارٹ کے تین سال مکمل ہونے پر پاک فضائیہ نے نغمہ "دنیا میں سر بلند" جاری کیا ہے۔ پاکستان ایئر فورس نے اپنے آفیشل ٹوئٹر اکاؤنٹ پر نغمہ کا لنک شیئر کرتے ہوئے بتایا کہ پاک فضائیہ نے آپریشن سوفٹ ریٹارٹ کے تین سال مکمل ہونے پر اس نغمے کے ذریعے پاک فوج کے جوانوں اور آپریشن کے ہیروز کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ واضح رہے کہ 3 سال قبل 27 فروری 2019 کو (بقیہ نمبر 2)

میاں بیوی اور بیٹی کا لرزہ خیز قتل

سفاک ملزموں نے میاں بیوی کو چھریوں کے وار سے، بیٹی کو گلا دبا کر موت کی نیند سلا دیا

لاہور (این این آئی) چوبرجی کے علاقہ اتحاد ٹاؤن میں تیسرے قتل کی لرزہ خیز واردات میں میاں بیوی اور بیٹی قتل کر دیا گیا۔ سفاک ملزموں نے میاں بیوی کو چھریوں کے وار سے قتل جبکہ بیٹی کو گلا دبا کر موت کی نیند سلا دیا، سی (بقیہ نمبر 5)

موبائل صافین سابر سیکیوٹی سے لاعلم

56 فیصد والدین جبکہ 41 فیصد بچے اپنے موبائل میں پاسوڈ لگا کر اسے انتہائی محفوظ سمجھتے ہیں

نمہ یارک (این این آئی) کیمبرج کا ایٹی وائرس سافٹ ویئر تیار کرنے والی تکنیکی کمپنی نے موبائل فونز پر ہیکرز کے حملوں کی بنیادی وجہ حاضرین کو سابر سیکیورٹی کی آگاہی نہ ہونے کو قرار دے دیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق (بقیہ نمبر 4)

چاندی کی مٹی بدشیشے کی نیم شفاف گولیاں دریافت

غیر معمولی حالات کے تحت عام ریت، کچرا اور معدنیات کے ساتھ مل کر شیشے میں تبدیل ہو جاتی ہے، رپورٹ

بیجنگ (این این آئی) چاند کے زمین خالف حصے پر سنجیکی کی دریافت کی گئی جس میں پر پانی جانے والی کوارٹز شیشے سے خودکار گاڑی یوٹو نے چاندی کی مٹی میں شیشے کی نیم شفاف گولیاں تیار کی ہیں جو زمین پر پانی جانے والی کوارٹز شیشے سے مماثلت رکھتی ہیں۔ غیر معمولی حالات (بقیہ نمبر 3)

آپریشن سوفٹ ریٹارٹ دفاع وطن کیلئے افواج کی پیشہ وارانہ مہارت کا ثبوت ہے: آئی ایس پی آر

آپریشن سوفٹ ریٹارٹ کے 3 سال مکمل

پاکستان ایئر فورس نے بھارتی دراندازی کا منہ توڑ جواب دیتے ہوئے 2 بھارتی جنگی طیارے مار گرائے تھے جبکہ پاک بحریہ نے سمندر میں بھارتی آبدوز کا سراغ بھی لگایا تھا

صرف ہتھیار یا تعداد ہی نہیں، قوم کا عزم اور مسلح افواج کی آپریشنل تیاری مشکلات کا سامنا کرنے میں کامیابی کا تعین کرتی ہے، آئی ایس پی آر

اسلام آباد (عامی ندیم سے) پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کا کہنا ہے کہ آپریشن سوفٹ ریٹارٹ مادر وطن کے دفاع کے لیے مسلح افواج کی پیشہ ورانہ مہارت اور عزم کا ثبوت ہے۔ آپریشن سوفٹ ریٹارٹ کے تین برس مکمل ہونے پر ڈائریکٹر جنرل (ڈی جی) آئی ایس پی آر کی جانب سے سوشل میڈیا پر ایک پیغام جاری کیا گیا ہے۔ تین برس پہلے آج ہی کے دن پاکستان کی مسلح افواج نے بھارتی نام جوئی کا بھرپور جواب دیا تھا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق پاکستان ایئر فورس نے بھارتی دراندازی کا منہ توڑ جواب دیتے ہوئے 2 بھارتی جنگی طیارے مار گرائے تھے جبکہ پاک بحریہ نے سمندر میں بھارتی آبدوز کا سراغ لگایا تھا۔ شعبہ تعلقات عامہ کے مطابق آج ہی (بقیہ نمبر 6)

گورنر پنجاب چوہدری سرور سے یورپی یونین کے نمائندہ خصوصی ایمون گلمور ملاقات کر رہی ہیں

سی پی او عمر سعید ملک کا راولپنڈی کرکٹ سٹیڈیم کا دورہ

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) سی پی او عمر سعید ملک کا پاک آسٹریلیا کرکٹ سیریز کے حوالے سے راولپنڈی کرکٹ سٹیڈیم کا دورہ، پاکستان کرکٹ ٹیم کے پریکٹس سیشن کے لیے سکیورٹی انتظامات (بقیہ نمبر 7)

مولانا فضل الرحمٰن، آصف زرداری میں ٹیلیفونک رابطہ

حکومت مخالف تحریک پر تبادلہ خیال کیا گیا، تحریک عدم اعتماد پر بھی گفتگو، ذرائع

لاہور (این این آئی) پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ کے صدر و جمعیت علمائے اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمٰن اور سابق صدر مملکت آصف زرداری میں ٹیلیفونک رابطہ ہوا ہے جس میں حکومت مخالف تحریک پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ذرائع کے مطابق دونوں رہنماؤں نے فون پر ملک کی موجودہ سیاسی صورتحال اور تحریک عدم اعتماد سے متعلق گفتگو کی ہے (بقیہ نمبر 8)

پیپلز پارٹی ن لیگ نے قومی خزانے کو بیدردی سے لوٹا

زیراعظم کی متحرک قیادت میں تمام اتحادی جماعتیں تحریک انصاف کی حکومت کیساتھ متحد ہیں، فرخ حبیب

مسلم لیگ (ن)، پیپلز پارٹی کی حکومت گرانے کی تمام کوششوں کو ناکامی کا منہ دیکھنا پڑے گا، وزیر مملکت اطلاعات و نشریات فرخ حبیب نے کہا ہے کہ

لاہور (این این آئی) وزیر مملکت برائے اطلاعات و نشریات فرخ حبیب نے کہا ہے کہ وزیراعظم عمران خان کی متحرک قیادت میں تمام اتحادی جماعتیں تحریک انصاف کی حکومت کے ساتھ متحد ہیں، حزب اختلاف کے رہنما اتحادی جماعتوں کی حمایت (بقیہ نمبر 10)

وزیراعظم کے نمائندہ خصوصی حافظ طاہر محمود اشرفی پشپ آف کینٹ برٹش جنٹسمین ولیمن گوریز جامعہ مسجد بحریہ ٹاؤن کا دورہ کر رہا ہے ہیں

احساس راشن رعایت پر عملدرآمد کی تیاریاں مکمل

احساس کی 8171 ایس ایم ایس سروس گھر انوں کی راشن رعایت رجسٹریشن کیلئے دوبارہ کھول دی گئی

نیشنل بینک کے ساتھ احساس راشن رعایت پر عملدرآمد کی تیاریاں مکمل ہیں، اجراء جلد ہوگا، ڈاکٹر ثانیہ نشتر

اسلام آباد (این این آئی) احساس کی 8171 ایس ایم ایس سروس گھر انوں کی راشن رعایت رجسٹریشن کیلئے دوبارہ کھول دی گئی ہے۔ ڈاکٹر ثانیہ نشتر کے مطابق جن گھر انوں کی ماہانہ آمدنی 50 ہزار سے کم ہے وہ اپنی رجسٹریشن کرا سکتے ہیں، گھر انے کا کوئی 70 ورانا شناختی کارڈ نمبر اس موبائل نمبر سے 8171 پر بھیجے جو اسکیم پر رجسٹر ہے۔ ڈاکٹر ثانیہ کے مطابق رجسٹریشن سروس بحال (بقیہ نمبر 9)

اکلوتی بیٹی کی شادی پر باپ دل کا دورہ پڑنے سے دم توڑ گیا

سرگودھا (این این آئی) اکلوتی بیٹی کی شادی پر باپ دل کا دورہ پڑنے سے دم توڑ گیا تو خوشیوں بھرا گھر ماتم کدہ بن گیا جہاں سے دلہن کی رخصتی کی بجائے باپ کا جنازہ اٹھایا گیا تو ہر آنکھ اشک بار تھی۔ سرگودھا میانوالی روڈ کے قصبہ بدیالی میں سیف اللہ کی اکلوتی بیٹی کی شادی تھی جس کی بارات دل بھگر اس سے آئی ہوئی تھی کہ دلہن کا باپ دل کا دورہ پڑنے سے انتقال کر گیا جس کے ساتھ ہی خوشیوں بھرا گھر ماتم کدہ بن گیا (بقیہ نمبر 10)

نااہل حکمرانوں کو گھر بھیج کر ہی دم لیں گے، حاجی امداد

تحریک عدم اعتماد میں حکومت کو سرپرائز دیں گے، رحمانہ (ن) لیگ

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) لاہور کے سابق صدر حاجی امداد حسین نے کہا ہے کہ عمران خان نے ملک کو تباہی کے دہانے پر پہنچا دیا ہے، تحریک عدم (بقیہ نمبر 25)

کمرے کی چھت گرنے سے 9 مزدور ملبے تلے دب گئے

ریسکیو نے مزدوروں کو ملبے سے نکال کر ہسپتال شفٹ کر دیا

مکوآنہ (این این آئی) کمرے کی چھت گر جانے سے 9 مزدور ملبے تلے دب گئے 1122 نے مزدوروں کو ملبے سے نکال کر ہسپتال شفٹ کر دیا تفصیلات کے مطابق فیصل آباد کے علاقہ روشن والا کے قریب لیاڈا چوک میں خستہ حال کمرے کی چھت (بقیہ نمبر 26)

یونیورسٹی آف سرگودھا میں منعقدہ ایگریکلچر شو 2022 کا افتتاح

وزیر زراعت پنجاب سید حسین جہانیاں گردیزی اور سیکرٹری زراعت پنجاب ایس ایم گیلانی کی شرکت

اس نمائش کے انعقاد سے انڈسٹری وکاشتکاروں کے مابین روابط میں بہتری آئے گی

ہائی ویلیو ایگریکلچر چین میں بہتری اور زرعی برآمدات میں اضافہ ہوگا، وزیر زراعت پنجاب سید حسین جہانیاں

لیل آباد (چیف رپورٹر) وفاقی وزیر نیشنل فوڈ سیکیورٹی اینڈ ریسرچ سید فخر امام نے محکمہ زراعت پنجاب کے زیر اہتمام یونیورسٹی آف سرگودھا میں منعقدہ دو روزہ زرعی نمائش کا افتتاح کیا۔ ملک سرگودھا میں منعقدہ اس نمائش میں صوبائی وزیر زراعت پنجاب سید حسین جہانیاں گردیزی اور سیکرٹری زراعت پنجاب ایس ایم گیلانی نے خصوصی شرکت کی۔ اس موقع پر صوبائی وزیر زراعت (بقیہ نمبر 20)

وفاقی وزیر نیشنل سکیورٹی اینڈ ریسرچ سید فخر امام سرگودھا میں ایگریکلچر 2022 کا افتتاح کر رہے ہیں

عوام کا استحصال کرنے والے جلد کٹہرے میں ہوں گے الیاس کیانی

راولپنڈی (اے ایف پی) عوام کا استحصال کرنے والے جلد کٹہرے میں ہوں گے ملک کو بحران سے نکالنے کے لیے قوم میاں نواز شریف کی طرف دیکھ رہی ہے سلم لیگ ن کی قیادت ہی ملک کو موجودہ دلدل سے نکال سکتی ہے حلقہ پی 10 این اے 59 سلم لیگ ن کا قلعہ ثابت ہوگا انجینئر (بقیہ نمبر 13)

گھر میں جنریٹر کے دھماکے میں 2 عورتوں سمیت 4 افراد زخمی

ریسکیو اہلکاروں نے زخمیوں کو ابتدائی طبی امداد فراہم کرتے ہوئے اسپتال منتقل کر دیا

پشاور (اے ایف پی) کوہاٹی کوچہ رسالدار میں گھر میں جنریٹر کے دھماکے میں 2 عورتوں سمیت 4 افراد زخمی ہو گئے۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق پشاور کے علاقے (بقیہ نمبر 11)

چیئرمین کاؤنسلنگ برائے ڈاطہ مسرت جشید بیجیہ پارٹی رہنما ملاقات کر رہی ہیں

بلوچستان: 15 ہزار لیٹر آئل سے بھرا ہوا ٹینکر الٹ گیا

آئل ٹینکر میں 15 لیٹر کروڈ آئل موجود ہے، امدادی کارروائیاں شروع

چوک اعظم (اے ایف پی) بلوچستان میں آئل ٹینکر خوفناک حادثے کا شکار ہو گیا، آئل ٹینکر میں 15 لیٹر کروڈ آئل موجود ہے۔ تفصیلات کے مطابق آئل ٹینکر الٹنے کا واقعہ سوبلو بلوچستان کے شہر ڈھکی کے علاقے جاتھی آباد میں پیش آیا حادثے کے بعد ریسکیو (بقیہ نمبر 12)

پاک افواج نے دنیا کو دکھایا کہ ہماری امن پسندی ہماری کمزوری نہیں

27 فروری کو پاکستان نے دنیا کو پیغام دیا ہم سے جو ٹکرائے گا، پاش پاش ہو جائے گا، شہباز شریف

پاکستان کی فضائیہ اور اپنے شاہینوں کو سلام پیش کرتے ہیں جنہوں نے دشمن کے دانت کھٹے کئے، اپوزیشن لیڈر

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر اور قائد حزب اختلاف شہباز شریف نے دفاع وطن کیلئے افواج پاکستان کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ 27 فروری کو پاکستان نے دنیا کو پیغام دیا کہ ہم سے جو ٹکرائے گا پاش پاش ہو جائے گا۔ 27 فروری 2019 کے حوالے سے اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ آج کا دن ہمارے لئے سبق ہے کہ ہم فروری کو پاکستان نے دنیا کو پیغام دیا کہ ہم سے جو ٹکرائے گا پاش پاش ہو جائے گا۔ 27 فروری 2019 کے حوالے سے اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ آج کا دن ہمارے لئے سبق ہے کہ ہم اپنی پوری تیاری رکھیں، مضبوط صفبندی، دفاع اور قومی یک جہتی ہمارے دفاعی حصار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ 27 فروری 2019 پاکستان کی تاریخ کا ناقابل (بقیہ نمبر 28)

آتش بازی کا سامان فروخت کرنے والا ملزم گرفتار

راولپنڈی (اے ایف پی) تھانہ کوہ پولیس کی کارروائی، آتش بازی کا سامان فروخت کرنے والا ملزم گرفتار، سامان آتش بازی برآمد، مقدمہ درج۔ تفصیلات کے مطابق ایس ایچ او کوہ اور ان کی ٹیم کے کارروائی کرتے ہوئے آتش بازی کا سامان فروخت کرنے والے (بقیہ نمبر 27)

چیئرمین پارلیمنٹری کمیٹی پنجاب کے جنرل سیکرٹری حسن مرتضیٰ پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

06 منشیات فروش گرفتار، 9 کلو سے زیادہ چرس برآمد

راولپنڈی (اے ایف پی) راولپنڈی پولیس کی منشیات فروشوں کے خلاف کارروائیاں، 06 ملزمان گرفتار، 09 کلو سے زیادہ چرس برآمد، الگ الگ مقدمات درج۔ تفصیلات کے مطابق کینٹ پولیس نے منشیات (بقیہ نمبر 29)

27 بوریوں میں بند 30 من مردہ مرغیاں برآمد، ملزم گرفتار

مردہ مرغیوں کا گوشت لاہور میں ریسٹورنٹس کو سپلائی کیا جاتا تھا

چونیاں (این این آئی) چونیاں کے علاقے کوڑے سیال میں پیٹرولنگ پولیس اور محکمہ لائیو اسٹاک نے کارروائی کر کے ایک گاڑی سے 27 بوریوں میں بند 30 من (بقیہ نمبر 30)

کسی بھی شرپسند عناصر کو شہر کا امن تباہ نہیں کرنے دیں گے

شہریوں کی جائیداد ہتھیانے والے عناصر کو قانون کے کٹہرے میں کھڑا کیا جائے گا، آئی جی اسلام آباد

تھانہ کورال پولیس نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے قبضہ مافیا فرخ کھوکھر کے 06 کارندے گرفتار کر لئے

چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری عوامی مارچ کا مزار تکمہ سے آغاز کر رہے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) تھانہ کورال پولیس نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے قبضہ مافیا فرخ کھوکھر کے 06 کارندے گرفتار کر لئے۔ ترجمان پولیس کے مطابق ملزمان میں تصور اقبال، ناصر، اعتشام، رمضان، عمران شوکت اور ذاکر حسین شامل ہیں۔ ملزمان کے خلاف تھانہ کورال میں مقدمہ درج کر لیا گیا، ملزمان اسلحہ بے لیس ہو کر شہری کی زمین پر قبضہ کرنے کی کوشش کر رہے تھے، اطلاع ملتے ہی کورال پولیس نے بروقت کارروائی کی، پولیس نے 06 ملزمان کو اسلحہ اور ویگو ڈالا سمیت موقع سے گرفتار کر لیا، ملزمان نے بتایا کہ انہوں نے قبضہ مافیا فرخ کھوکھر کے کہنے پر قبضہ (بقیہ نمبر 31)

23 سال بعد آسٹریلیا کی کرکٹ ٹیم پاکستان آئی ہے

پاکستان میں انٹرنیشنل کرکٹ کی مکمل بحالی کا دن ہے چوہدری فواد حسین

اسلام آباد (اے ایف پی) وفاقی وزیر برائے اطلاعات و نشریات چوہدری فواد حسین نے کہا ہے کہ آج 23 سال بعد آسٹریلیا کی کرکٹ ٹیم پاکستان آئی (بقیہ نمبر 21)

ملک میں 43 فیصد آبادی کی کرونا ویکسی نیشن مکمل

12 کروڑ 60 لاکھ 87 ہزار 515 شہریوں کی مکمل اور جزوی ویکسی نیشن ہو چکی ہے

اسلام آباد (اے ایف پی) ملک بھر کے 15 کروڑ 36 لاکھ 15 ہزار 747 شہری کرونا ویکسی نیشن کے اہل ہیں جن میں سے 12 کروڑ 60 لاکھ 87 ہزار 515 (بقیہ نمبر 22)

معاون خصوصی سندھ امور ڈاکٹر باب غلام رحیم جلسے سے خطاب کر رہے ہیں

شاہ فروری کے 24 دنوں میں 19282 ٹن کوڑا کرکٹ ٹلف

ہیلپ لائن سے ملنے والی تقریباً 300 سے زائد شکایات کا فوری ازالہ بھی یقینی بنایا ہے

راولپنڈی (اے ایف پی) محکمہ بلدیات حکومت پنجاب کی خصوصی باوسفائی مہم کے سلسلے میں راولپنڈی ویسٹ مینجمنٹ کمپنی نے ماہ فروری کے 24 دنوں میں 19282 ٹن کوڑا کرکٹ ٹلف کر دیا ہے، جبکہ ہیلپ لائن، سوشل میڈیا اور دیگر ذرائع سے ملنے والی تقریباً 300 سے زائد شکایات کا فوری ازالہ بھی یقینی بنایا ہے۔ تفصیلات کے مطابق کم فروری سے 24 فروری 2022 تک راولپنڈی ویسٹ مینجمنٹ کمپنی نے راولپنڈی شہر سے 16518 ٹن کوڑا کرکٹ، گھر یلو گھاس ٹلف کر دیا ہے، اسی طرح راولپنڈی (بقیہ نمبر 23)

کیف میں راکٹ حملہ، آئل ڈپو تباہ، فضا میں زہریلا دھواں چھا گیا

آئل ڈپو کی لائن پوسٹ کی گئی ویڈیوز میں ہر جانب دھواں اٹھتا دیکھا جا سکتا ہے

کیف (این این آئی) کوران کے اخوج کی جانب سے راکٹ حملہ کیا گیا، راکٹ حملے کے باعث آئل ڈپو میں آگ بھڑک اٹھی۔ دارالحکومت کیف کے مضافاتی علاقے واسلکیو میں واقع ایک آئل ڈپو پر اتوار کی علی الصبح روسی سوشل میڈیا پر شیئر کی گئی (بقیہ نمبر 24)

بہتان تراشی اور لیاقت پیندہ

مراد سعید نے ریحام خان کو قانونی نوٹس بھیج دیا

مراد سعید کی تمام کامیابیوں کو متنازعہ بنانے کے لئے آپکی تحریر کا حوالہ دے کر بہتان تراشی اور غلیظ پروپیگنڈہ کیا جاتا ہے، نوٹس

14 دن میں وضاحت اور معافی نہ مانگنے کی صورت میں عدالت سے سخت سزا اور ایک ارب ہرجانے کی استدعا کی جائے گی، متین

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر مراد سعید نے اپنے خلاف جاری پروپیگنڈہ اور بہتان تراشی پر قانونی نوٹس وزیراعظم عمران خان کی سابق اہلیہ ریحام خان کو بھیج دیا۔ نوٹس میں کہا گیا کہ مراد سعید پاکستان تحریک انصاف کے طلباء ونگ کا بانی صدر رہا، مراد سعید نے پورے پاکستان میں انصاف یونیورسٹی کو منظم کیا۔ نوٹس میں کہا گیا کہ مراد سعید پاکستان تحریک انصاف کے ٹرولز حملوں کے خلاف (بقیہ نمبر 14)

ملک بھر میں انسداد پولیو مہم کا آج سے آغاز ہوگا

مہم میں 43 ملین سے زائد بچوں کو حفاظتی قطرے پلانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے

لاہور (این این آئی) ملک بھر سے قومی انسداد پولیو مہم کا آغاز آج (پیر) سے ہوگا۔ معاون خصوصی ڈاکٹر فیصل سلطان کے مطابق مہم میں 43 ملین سے زائد بچوں کو حفاظتی قطرے پلانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ انسداد پولیو مہم کا دوران پانچ سال سے صرف بچوں کو ویکسین پلائی جا رہی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ حکومت پولیو کے (بقیہ نمبر 15)

ڈاکوؤں نے دکان سے 10 لاکھ روپے کا کپڑا لوٹ لیا

کراچی (اے ایف پی) کراچی کے علاقے گورگی میں کپڑے کی دکان میں لقب ڈکی کی واردات ہوئی جہاں ملزمان 10 لاکھ روپے مالیت سے زائد کا کپڑا لوٹ کر لے گئے۔ گورگی کے نمبر میں قائم تجارتی مرکز (بقیہ نمبر 16)

ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کارروائیاں، 06 ملزمان گرفتار

راولپنڈی (اے ایف پی) راولپنڈی پولیس کی ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کارروائیاں، 06 ملزمان گرفتار، اسلحہ و ایمونیشن برآمد۔ تفصیلات کے مطابق لصبر آباد پولیس نے 02 ملزمان ساجد محمود اور عظیم رضا کو گرفتار کر لیا، ملزمان کے قبضہ سے 02 (بقیہ نمبر 18)

فیصل واوڈا کی نااہلی کیخلاف کیس سمیت اہم مقدمات کی سماعت ہوگی

وزیراعظم کے معاونین خصوصی کی تقرری کیخلاف کیس کی سماعت (کل) ہوگی

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ میں آکبرہ بلند تحریک انصاف کے رہنما فیصل واوڈا کی نااہلی کے خلاف کیس سمیت اہم مقدمات کی سماعت ہو گی۔ تفصیلات کے مطابق تحریک انصاف کے رہنما فیصل واوڈا کی نااہلی کیخلاف کیس کی سماعت منگل کو ہوگی، وزیراعظم کے معاونین خصوصی کی تقرری کیخلاف کیس کی سماعت منگل کو ہوگی (بقیہ نمبر 17)

شکار پور، وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی جلسہ سے خطاب کر رہے ہیں

پیشہ ور بھکاریوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری، 43 بھکاری گرفتار

راولپنڈی (اے ایف پی) راولپنڈی پولیس کا پیشہ ور بھکاریوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری، 43 بھکاری گرفتار، پیشہ ور بھکاری ناصر، مختلف شاہراہوں اور پیک چوراہوں پر کھڑے ہو کر ٹریفک کی روانی کو متاثر کرتے ہیں بلکہ حادثات کا بھی باعث بنتے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق ایس ایس پی آپریشنز ہم ریاض کے احکامات پر انچارج جنرل (بقیہ نمبر 19)

روزنامہ عوامی للکار راولپنڈی
Daily Awami Lalkaar Rawalpindi
بانی کامریڈ نور محمد یوسف
بانی کامریڈ عبدالکریم ایڈووکیٹ

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

روس ویوکرائن جنگ میں پھنسے پاکستانی

روس اور یوکرائن میں جاری جنگ کے باعث جہاں متعلقہ علاقوں کے مقامی رہائشی متاثر ہو رہے ہیں وہ ویں یوکرائن میں موجود پاکستانی بھی عدم تحفظ کا شکار ہونے کی بنا پر شدید پریشانی کا شکار ہیں جن میں طلبہ بھی شامل ہیں۔ اطلاعات کے مطابق یوکرائن میں پانچ سو طالبعلموں سمیت ڈیڑھ ہزار کے قریب پاکستانی شہری یوکرائن کے دارالحکومت کیف پر بمباری اور کرفیو کے نفاذ کی وجہ سے پھنس کر رہ گئے ہیں اور پاکستان واپسی کیلئے حکومت سے مدد مانگ لی ہے۔ ایک پاکستانی طالبعلم کے مطابق انہوں نے میٹرو سٹیشن میں پناہ لے رکھی ہے جہاں کھانا دستیاب ہے نہ پانی۔ ہماری حالت بہت غیر ہو چکی ہے۔ دوسری طرف وزارت خارجہ کے ترجمان عاصم افتخار کا کہنا ہے کہ یوکرائن میں پاکستانی سفارتخانہ مکمل طور پر فعال ہے۔ سفارتخانے کے ذمہ داران طلبہ اور پاکستانی شہریوں کو ضروری سہولیات اور رہنمائی مہیا کرنے کیلئے موجود ہیں۔ حکومت نے یوکرائن میں پھنسے تمام پاکستانیوں کو بحفاظت وطن واپس لانے کیلئے پی آئی اے کو خصوصی پروازیں چلانے کی ہدایت بھی کر دی ہے۔

روس اور یوکرائن میں جنگ کی فضا تو گزشتہ کئی دنوں سے بنی ہوئی تھی اور عالمی سطح پر یہ خدشات ظاہر کیے جا رہے تھے کہ یہ جنگ کسی بھی وقت چھڑ سکتی ہے۔ اگر چہ ایسے حالات میں ہمارے سفارتخانوں کی کارکردگی ماضی میں تو کوئی زیادہ قابل رشک نہیں رہی ہے لیکن دانشمندی کا یہی تقاضا تھا کہ وزارت خارجہ اور یوکرائن میں قائم پاکستانی سفارتخانہ فوری حرکت میں آتے اور وہاں پر موجود پاکستانیوں کی بحفاظت واپسی کا بروقت انتظام کرتے' لیکن ایسا نہیں کیا گیا جس کی وجہ سے متاثرہ طلبہ اور شہریوں کو اپنی حفاظت کیلئے حکومت سے مدد طلب کرنا پڑی۔ اگر چہ وزارت خارجہ نے ان کی امداد واعانت کیلئے انتظامات کی یقین دہانی کروادی ہے' لیکن اس ضمن میں کیے جانے والے اقدامات دکھائی بھی دیئے جانے چاہئیں کیونکہ ان متاثرہ طلبہ اور شہریوں کے پاکستان میں مقیم جو اہل خانہ اور عزیز واقارب شدید ذہنی اضطراب اور پریشانی میں مبتلا ہیں' انہیں اطمینان میسر آسکے۔ اپنے شہریوں کی جان و مال کا تحفظ کسی بھی ریاست کی اولین ذمہ داری ہے اس لئے آزمائش وابتلاء کی ان گھڑیوں میں وزارت خارجہ اور یوکرائن میں تعینات سفارت خانہ کو ذمہ داری کا مظاہرہ کرتے ہوئے نہ صرف متاثرہ پاکستانیوں کو ضروریات زندگی مہیا کرنے کا اہتمام کرنا چاہئے بلکہ ان کی بحفاظت وطن واپسی کیلئے بھی ہنگامی بنیادوں پر انتظامات کرنے چاہئیں تاکہ اس ضمن میں ان کیلئے مزید مسائل پیدا نہ ہوسکیں اور وہ خود کو محفوظ تصور کریں۔

احساس

گلفشہ خان، سھلول

ہر رشتہ ہر تعلق نبھانے کے لیئے احساس ضروری ہوتا ہے آپ کی وجہ سے کسی کو انتظار کی اذیت سے دوچار نہ ہونا پڑے کسی کی آنکھ میں آنسو نہ آئیں کسی غم کی نہ ہوں دوری آجائے تو نظر انداز نہ کریں دوری کا احساس کم کیا جائے تو گلے ناگوار گزرے تو خاموشی اختیار کریں یہ خاموشی اتنی لمبی نہ ہو کہ اذیت بن جائے کوئی اچھا نہیں لگتا تو بس ایک بار کہہ دیں یہ بھی کسی طرح رشتوں میں نبھاء ساتھ رہنا چاہیے ہو تو برداشت سے کام لو رنجہ بتا کر چھوڑ دایا سہ ہو کر محبت کرنے والا تمہاری خاموشی کو ہزاروں تکلیف دہ معنی پہنائے اور زیادہ اذیت کا سیل رواں جاری ہو مشکل دنوں میں ساتھ کھڑے ہو کر بتا دو کہ میں ساتھ ہوں مشکل آسان نہ سہی اس کی شدت میں کمی آجاتی ہے خون کے رشتے رب کا نات بنا تے ہیے کبھی ہوں نبھانے

اثر دور تلک۔۔۔

تحریر۔ کشف میر

رشتوں کا وجود حیات انسانی کا ایک لازمی جزو ہے عام طور پر انسان رشتوں کے بھرمت میں لٹتا یا پاتا اور پچھتا تا ہے جو نہ صرف ان میں احساس تحفظ پیدا کرتے ہیں بلکہ یہ رشتے اس کے لیے اعتماد اور سکون کا باعث ہوتے ہیں ۔ابتدائی تعلیم و تربیت ذات، حیات اور زمانے کا شعور بھی عام طور پر انسان انہیں قریبی رشتوں سے حاصل کرتا ہے لیکن بعض اوقات یہی رشتے ایک آزمائش کی شکل میں ہوتے ہیں یہ آپ کے لئے رحمت نہیں بلکہ ایک زحمت ہوتے ہیں بازر بیٹن کے باوجود آپ کو ان سے خیر نہیں نصیب ہوتی بلکہ یہ آپ کی زندگی میں محض شریدا کرنے کا ذریعہ ہوتے ہیں۔ محترم قارئین !شریفہ خواہ آپ کے دوست احباب، کلاس میٹس، کولیگز یہاں تک کہ قریبی رشتوں میں موجود ہوں ان سے فاصلہ اختیار کیجئے اگر ان لوگوں اور رشتوں کو خود سے دور کر دینے کی ہمت اور اختیار حاصل ہو تو ایسا بھی کر گذریں۔ میرے نزدیک یہ قطع رحمی نہیں بلکہ اپنے لیے حفاظتی اقدام ہیں۔کیوں کہ شر بھی چھوت کی بیماری کی طرح ایک سے دوسرے میں منتقل ہونے کی صلاحیت رکھتا ہے آج اگر آپ اس کا شکار ہیں تو یہ غیر محسوس طریقے سے آپ کے ذہن اور عادات میں ایسے سرایت کر جائے گا کہ کل آپ خود کسی کے لیے شر کا باعث ہوں گے۔شر پسندوں سے دوری ہر گز قطع رحمی نہیں بلکہ یہ تو شر کا جواب خیر سے دینے کی ایک صورت ہے۔اور خیر چاہے غیروں ہی میں کیوں نہ ملے ان کے قریب رہیے اور ان کے راستے خود تک پہنچنے کے لیے بیشہ کھلے رکھیے۔ کیونکہ شر کی موجودگی ہر حال ہر ذی روح میں پائی جاتی ہے تاکہ کرکس کی شکل میں خود ہمارے اپنے وجود میں بھی ہو تو جو لوگ اپنے اندر زیادہ خیر سمیٹے ہوئے ہیں بہت شر کے ایسے ہی لوگوں کی موجودگی سے آپ کے اپنے شر کو مات دی جا سکتی ہے ۔اور ایسے لوگوں کا ہونا آپ کو شر پسندوں سے فاصلہ قائم رکھنے اور محفوظ رہنے میں معاون اور مددگار ثابت ہوگا۔

مجھے بھی راہ دکھا دیکھ میں

مجھے بھی راہ دکھا دیکھ میں اکیلا ہوں قدم قدم سے ملا دیکھ میں اکیلا ہوں ہوا سے تیز گزارش ہے میرے آنگن کا کوئی دیا نہ بجھا دیکھ میں اکیلا ہوں کہاں کیا ہے مرے مسفر کہ مرے لیے تو مجھے بھی پاس بلا دیکھ میں اکیلا ہوں ابھی تو ہار زمانے سے بھی الجھنا ہے کہاں یہ نہ سنا دیکھ میں اکیلا ہوں مجھے فریب دے مے میں نشے میں ہوں طبیعت راقب بنا دیکھ میں اکیلا ہوں

طیب حسن طیب

پیکا پر گیا پھیکا

اُمید سحر
محمد ریاض
riazsurge@gmail.com

ہوا بلاآخر پکا کے ریٹس، اسی طرح حکومت کو پیکا قانون میں راتوں رات ترمیم کرنی کی پڑ گئی۔ بس منظور کی بات کی جاتے تھی اور طل کو منظور کرانے کی کوشش کی جاتی جیسا کہ سٹیٹ بینک آف پاکستان کے ترمیمی بل کو پاس کروایا گیا اور جس طرح بینٹ چیرمین کے خلاف عدم اعتماد تحریک کو ناکام کروایا گیا۔ حد تو یہ ہے کہ جب حکومت پاکستان کے پاس (نہ کہہ آنے والی) گیدڑ بھبکی ہے کہ بینٹ میں عددی برتری نہ ہونے کے باوجود بھی حکومت وقت زیادہ تر موقعوں پر عددی برتری کی حامل اپوزیشن جماعتوں کو شکست دے دیتی ہے۔ باوجود اسکے کہ حکومت کے پاس (نہ کہہ آنے والی) گیدڑ بھبکی ہے بینٹ کے اجلاس کو 17 فروری کو ختم کرکے اگلے ہی دن صدارتی آرڈیننس کے ذریعہ سے پیکا کے قانون میں ترامیم کرنے اور فی الفور ناقابل عمل کرنے کی ایسی کوئی ضرورت پیش آئی پڑی؟ ہر حال یہ بات تو طے شدہ ہے کہ آرڈیننس جاری کرنے کا مشورہ دینے والا اس حکومت کا خیر خواہ بالکل نہیں ہوسکتا۔ اگر حکومت وقت کے وزراء خصوصا جس خصوص وفاقی وزیر کی جانب سے اعترافات اور شکایت کی بنا پر متبرا اور ایف آئی اے کتاب کے درپے آتے ہیں، کیا اچھا ہوتا کہ اس کتاب کی معذرت بینی ریحام خان جو کہ اس وقت پاکستان میں بھی موجود ہیں ایسے خلاف قانونی چارہ جوئی کی جاتی اور جس طرح کے مشہور صحافی محسن بیگ کو لوٹ دیہاڑے اک کمانڈو ایکشن کرکے گرفتار کیا گیا اسی طرح اس خاتون کو بھی گرفتار کرلیا جاتا۔ حکومت وقت کی جانب سے اس موقع پر برق رفتار کر تک جاری تھا تو اسی سیشن میں قانون کا ترمیمی بل بینٹ میں پیش کر دیا جاتا جو کہ جمین جمہوری عمل ہے وہاں پر بحث بھی ہوتی اور بل کو منظور کرانے کی کوشش کی جاتی جیسا کہ سٹیٹ بینک آف پاکستان کے ترمیمی بل کو پاس کروایا گیا اور جس طرح بینٹ چیرمین کے خلاف عدم اعتماد تحریک کو ناکام کروایا گیا۔ حد تو یہ ہے کہ جب حکومت پاکستان کے پاس (نہ کہہ آنے والی) گیدڑ بھبکی ہے کہ بینٹ میں عددی برتری نہ ہونے کے باوجود بھی حکومت وقت زیادہ تر موقعوں پر عددی برتری کی حامل اپوزیشن جماعتوں کو شکست دے دیتی ہے۔ باوجود اسکے کہ حکومت کے پاس (نہ کہہ آنے والی) گیدڑ بھبکی ہے بینٹ کے اجلاس کو 17 فروری کو ختم کرکے اگلے ہی دن صدارتی آرڈیننس کے ذریعہ سے پیکا کے قانون میں ترامیم کرنے اور فی الفور ناقابل عمل کرنے کی ایسی کوئی ضرورت پیش آئی پڑی؟ ہر حال یہ بات تو طے شدہ ہے کہ آرڈیننس جاری کرنے کا مشورہ دینے والا اس حکومت کا خیر خواہ بالکل نہیں ہوسکتا۔ اگر حکومت وقت کے وزراء خصوصا جس خصوص وفاقی وزیر کی جانب سے اعترافات اور شکایت کی بنا پر متبرا اور ایف آئی اے کتاب کے درپے آتے ہیں، کیا اچھا ہوتا کہ اس کتاب کی معذرت بینی ریحام خان جو کہ اس وقت پاکستان میں بھی موجود ہیں ایسے خلاف قانونی چارہ جوئی کی جاتی اور جس طرح کے مشہور صحافی محسن بیگ کو لوٹ دیہاڑے اک کمانڈو ایکشن کرکے گرفتار کیا گیا اسی طرح اس خاتون کو بھی گرفتار کرلیا جاتا۔ حکومت وقت کی جانب سے اس موقع پر برق رفتار کر تک جاری تھا تو اسی سیشن میں قانون کا ترمیمی بل بینٹ میں پیش کر دیا جاتا جو کہ جمین جمہوری عمل ہے وہاں پر بحث بھی ہوتی اور بل کو منظور کرانے کی کوشش کی جاتی جیسا کہ سٹیٹ بینک آف پاکستان کے ترمیمی بل کو پاس کروایا گیا اور جس طرح بینٹ چیرمین کے خلاف عدم اعتماد تحریک کو ناکام کروایا گیا۔ حد تو یہ ہے کہ جب حکومت پاکستان کے پاس (نہ کہہ آنے والی) گیدڑ بھبکی ہے کہ بینٹ میں عددی برتری نہ ہونے کے باوجود بھی حکومت وقت زیادہ تر موقعوں پر عددی برتری کی حامل اپوزیشن جماعتوں کو شکست دے دیتی ہے۔ باوجود اسکے کہ حکومت کو آرڈیننس کا مشورہ دینے والا حکومت وقت کا حمایتی نہیں ہے بلکہ وہ حکومت کا کلاوڈ بسٹر ہے۔ آج ریحام خان کی کتاب کا تذکرہ زبان زد عام ہو چکا ہے۔ اس آرڈیننس جاری ہونے کے بعد سیاسی جماعتوں، صحافی، وکلاء تنظیموں اور دیگر ضمیر والے زندگی کی جانب سے جیسا ردعمل دیکھنے کو ملا اس سے دیصرف حکومت وقت کو شدید شکی کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے بلکہ شمیدہ بھی کی جا رہی ہے کہ مغترب یا تو حکومت وقت کو اس آرڈیننس کو واپس لینا پڑے گا یا پھر حالتوں کی جانب سے اس آرڈیننس کو کالعدم قرار دے دیا جائے گا۔ حکومت کی جانب سے بنگالی طور پر آرڈیننس جاری کرنے کی سمجھ ابھی تک نہ آسکی کہ جب بینٹ کا اجلاس 17 فروری کو ملتوی کیا گیا

بقیہ 1
کے حل کے لیے ہمیشہ ڈائیلاگ اور سفارت کاری پر یقین رکھتا ہوں، ڈائیلاگ کی خواہش کو کمزوری کی علامت نہیں سمجھنا چاہیے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ سفارت کاری سے تنازعات کے حل کا اظہار بھارت کو 27 فروری 2019 کے حملے کے دن بھی کیا جب بھارت نے ہم پر حملہ کرنا چاہا۔ وزیراعظم کا کہنا تھا کہ پاک فوج کسی بھی فوجی جارحیت کا عوام کی حمایت سے ہر سطح پر بھرپور جواب دے گی، ہم مادر وطن اور قوم کے دفاع کے لیے پرعزم اور ثابت قدم ہیں۔ یاد رہے کہ آج سے ٹھیک 3 سال قبل 27 فروری 2019 کو بھارتی فضائیہ نے پاکستان میں دراندازی کی کوشش کی تھی جس پر پاک فضائیہ نے فوری کارروائی کرتے ہوئے آزاد کشمیر میں 2 بھارتی طیاروں کو مار گرایا تھا اور بھارتی فضائیہ کے ونگ کمانڈر ابھی نندن کو حراست میں لے لیا تھا جسے وزیراعظم عمران خان کی ہدایت پر اگلے ہی روز جذبہ خیرسگالی کے تحت رہا کردیا گیا تھا۔

بقیہ 2
پاک فضائیہ کے شاہینوں کے ہاتھوں مگ 21 جہاز کی تباہی کے بعد بھارتی ونگ کمانڈر ابھی نندن کو گرفتار کرلیا گیا تھا اور پھر اسے چائے پلائی گئی جو کہ ''ففٹاسٹک ٹی'' کے نام سے مشہور ہوئی۔ بعد ازاں ابھی نندن کو جذبہ خیرسگالی کے تحت رخصت کردیا گیا تھا۔ بھارتی ونگ کمانڈر کی وردی، جہاز کی باقیات اور چائے کا کپ پی اے ایف میوزیم کراچی کی آپریشن سوئفٹ ریٹارٹ گیلری میں محفوظ ہیں۔

بقیہ 3
کے تحت عام ریت، کچھ اور معدنیات کے ساتھ مل کر شیشے میں تبدیل ہوجاتی ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ماضی کی خلائی مہمات میں چاند پر شیشہ دریافت ہوچکا ہے لیکن یہ پہلا موقع ہے کہ نیم شفاف گولیوں (کنچوں) جیسے شیشے کے ٹکڑے وہاں سے ملے ہیں۔ زمین کے گرد چاند کچھ اس انداز سے گردش کرتا ہے کہ اس کا ایک رخ ہمیشہ زمین کی طرف اور دوسرا زمین سے مخالف سمت رہتا ہے جسے ہم زمین سے نہیں دیکھ سکتے۔ یہ کیفیت ٹائیڈل لاک کہلاتی ہے۔ چاند کے زمین مخالف رخ پر شیشے کی نیم شفاف گولیاں کس طرح بنی ہوں گی؟ اس سوال کا جواب فی الحال ماہرین کے پاس بھی نہیں۔ البتہ اس بارے میں چینی ماہرین کا مفروضہ ہے کہ شاید آج سے تقریباً چار ارب سال پہلے، جب چاند نوجوان تھا تو یہاں مسلسل آتش فشاں بھی لاوا اگل رہے تھے جبکہ بڑی تعداد میں شہاب ثاقب بھی چاند پر برس رہے تھے۔

بقیہ 4
میک کیفے کی جانب سے حال ہی میں 2022 کنزیومر مائنڈ سیٹ سروے موبائل کے نام سے رپورٹ جاری کی گئی جس میں بتایا گیا کہ بیشتر موبائل صارفین سائبر سیکیورٹی کے حوالے سے لاعلم ہیں۔ کمپنی کی جانب سے یہ رپورٹ بارسلونا میں ہونے والے موبائل ورلڈ کانگریس ایونٹ میں بھی پیش کی گئی تھی۔ جس میں زور دیا گیا تھا کہ ڈیسک ٹاپ، لیپ ٹاپ کی حفاظت کے ساتھ موبائل فونز کی سائبر سیکیورٹی کے حوالے سے صارفین کو آگاہی فراہم کرنا ضروری ہے۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ 59 فیصد 18 سال سے کم عمر بچے موبائل فونز کو کمپیوٹر سے زیادہ محفوظ سمجھتے ہیں جبکہ 49 فیصد والدین کا بھی موبائل سیکیورٹی پر بہت زیادہ اعتماد ہے۔ میک کیفے کے مطابق 56 فیصد والدین جبکہ 41 فیصد بچے اپنے موبائل میں پاسورڈ لگا کر اسے انتہائی محفوظ سمجھتے ہیں۔ سروے کے حالیہ نتائج کو ماہرین نے انتہائی خطرناک قرار دیتے ہوئے کہا کہ اس سے نوجوان نسل کو بہت زیادہ آن لائن خطرات کا سامنا ہے۔

بقیہ 5
سی پی او لاہور نے واقعہ کا نوٹس لیتے ہوئے ایس پی صدر سے رپورٹ طلب کرلی۔ بتایا گیا ہے کہ امانت علی نامی شخص چوہنگ کے علاقے اتحاد ٹاؤن میں اپنی بیوی شبانہ اور بیٹی ازل کے ہمراہ رہائش پذیر تھا کہ گزشتہ روز نامعلوم ملزمان نے تینوں کو قتل کردیا اور فرار ہوگئے۔ بتایا گیا ہے کہ میاں بیوی کو چھری کے وار کرکے قتل کیا گیا جبکہ بیٹی کو گلا دبا کر موت کے گھاٹ اتارا گیا۔ اطلاع ملتے ہی پولیس اور فرانزک ٹیمیں موقع پر پہنچ گئیں جنہوں نے جائے وقوعہ سے شواہد اکٹھے کرنے کے بعد لاشوں کو مردہ خانے منتقل کردیا۔ بتایا گیا ہے کہ مقتول امانت علی پیشے کے اعتبار سے وکیل تھے۔ سی سی پی او فیاض احمد دیو نے تہرے قتل کی واردات پر نوٹس لیتے ہوئے ایس پی صدر سے رپورٹ طلب کرلی ہے۔ سی سی پی او لاہور نے ملزمان کو فوری گرفتار کرنے کا حکم دیتے ہوئے کہا کہ قتل کے تمام محرکات اور پہلوؤں کا تفصیلی جائزہ لیا جائے۔

بقیہ 6
کے دن لائن آف کنٹرول (ایل او سی) پر دشمن کو بھرپور جواب دیا گیا تھا۔ ڈی جی آئی ایس پی آر کی جانب سے سوشل میڈیا پر جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ یہ مادر وطن کے دفاع کے لیے پاکستان کی مسلح افواج کی پیشہ ورانہ مہارت اور عزم کا ثبوت ہے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق صرف ہتھیار یا تعداد ہی نہیں، قوم کا عزم اور مسلح افواج کی آپریشنل تیاری مشکلات کا سامنا کرنے میں کامیابی کا تعین کرتی ہے۔

بقیہ 7
کا جائزہ لیا، ایس ایس پی آپریشنز اور ایس پی راول نے سی پی او کو سیکورٹی انتظامات پر بریفنگ دی، ٹیمز اور میچز کی سیکورٹی کے لئے فول پروف سیکورٹی انتظامات کو یقینی بنایا جا رہا ہے، ٹریفک کے بہاؤ کو یقینی بنانے کے لئے بھی موثر اقدامات کیے گئے ہیں، سی پی او عمر سعید ملک۔ تفصیلات کے مطابق سٹی پولیس آفیسر راولپنڈی عمر سعید ملک نے پاک آسٹریلیا کرکٹ سیریز کے حوالے سے راولپنڈی کرکٹ سٹیڈیم کا دورہ کیا، پاکستان کرکٹ ٹیم کے پریکٹس سیشن کے لئے کیے گئے سیکورٹی انتظامات کا جائزہ لیا، ایس ایس پی آپریشنز وسیم ریاض اور ایس پی راول بابر جاوید جوئیہ نے سی پی او کو سیکورٹی انتظامات پر بریفنگ دی، اس موقعہ پر سی پی او راولپنڈی عمر سعید ملک کا کہنا تھا کہ ٹیمز اور میچز کی سیکورٹی کے لئے فول پروف سیکورٹی انتظامات کو یقینی بنایا جا رہا ہے، ٹریفک کے بہاؤ کو یقینی بنانے کے لئے بھی موثر اقدامات کیے گئے ہیں، 4500 سے زائد سیکورٹی وٹریفک افسران واہلکار سیکورٹی وٹریفک فرائض سرانجام دے رہے ہیں، انٹرنیشنل کرکٹ کی بحالی خوش آئند ہے جس کے لئے تمام وسائل بروئے کار لاتے ہوئے فول پروف انتظامات کئے گئے ہیں۔

بقیہ 8
پیپلز پارٹی کے شروع ہونے والے لانگ مارچ کے بارے میں بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔

بقیہ 9
کرنے کا فیصلہ احساس راشن رعایت میں عوام کی بھرپور دلچسپی کے پیش نظر کیا گیا ہے۔ ڈاکٹر ثانیہ

کے مطابق پروگرام سے دو کروڑ مستحق گھرانے مستفید ہوں گے، نیشنل بینک کے ساتھ احساس راشن رعایت پر عملدرآمد کی تیاریاں مکمل ہیں، اجراء جلد ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ احساس رجسٹریشن کے پہلے مرحلے میں کل 1 کروڑ 95 لاکھ درخواستیں موصول ہوئیں، مجموعی طور پر 93 لاکھ گھرانوں نے درخواستیں جمع کروائیں، پروگرام کے تحت گھرانوں کی اہلیت کی جانچ پڑتال بھی جاری ہے۔ ڈاکٹر ثانیہ نشتر نے کہا کہ اہل گھرانوں کو اہلیت کے پیغامات مرحلہ وار بھجوائے جا رہے ہیں، کریانہ دکانداروں کی احساس راشن رجسٹریشن بھی بذریعہ پورٹل جاری ہے۔

بقیہ 10
حاصل کرنے کی کوشش کر رہے ہیں تاہم حکومت گرانے کی ان کی تمام کوششوں کو ناکامی کا منہ دیکھنا پڑے گا۔ ایک انٹرویو میں گفتگو کرتے ہوئے فرخ حبیب نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی اور پاکستان مسلم لیگ (ن) دونوں نے اپنے دور اقتدار میں ملکی ترقی کیلئے کام کرنے کی بجائے قومی خزانے کو بیدردی سے لوٹا۔ سندھ حکومت نے گزشتہ دو برس کے دوران نیشنل فنانس کمیشن ایوارڈ کے تحت 2 ہزار ارب روپے کا اپنا حصہ وصول کیا مگر یہ فنڈز عوامی فلاح و بہبود پر خرچ نہیں کیے گئے۔

بقیہ 11
کوہائی کوچہ میں گھر میں جنریٹر کا دھماکا ہوا جس کے نتیجے میں گھر کے شیشے ٹوٹ گئے۔ ریسکیو کے مطابق جنریٹر دھماکے میں 4 افراد زخمی ہوئے جن میں 2 عورتیں اور 2 مرد شامل ہیں۔ اطلاع ملتے ہی ریسکیو 1122 موقع پر پہنچ گئی اور زخمیوں کو ابتدائی طبی امداد فراہم کرتے ہوئے اسپتال منتقل کردیا۔

بقیہ 12
اہلکاروں نے امدادی کارروائیاں شروع کردی۔ حادثے کا شکار آئل ٹینکر میں پندرہ ہزار کروڑ آئل موجود ہے، تاہم ریسکیو اہلکاروں نے بہنے والے آئل پر قابو پالیا ہے۔ ریسکیو ذرائع کا کہنا ہے کہ حادثہ ٹینکر کا ایکسل ٹوٹ جانے کی وجہ سے پیش آیا تھا جس کے بعد سڑک بھی ٹریفک کیلیے بند کردی گئی تھی تاہم اب ایم ایم روڈ کو ٹریفک کیلیے بحال کردیا گیا ہے۔ خیال رہے کہ کچھ ماہ قبل پنجاب کے ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ کی تحصیل پیرمحل کے قریب موٹروے ایم 3 پر 48 ہزار لیٹر آئل سے لدا ٹینکر ڈرائیور کی غفلت کے باعث الٹ گیا۔

بقیہ 13
قمر الاسلام راجہ کی قیادت میں پارٹی کا پیغام گھر گھر پہنچائیں گے۔ ان خیالات کا اظہار مسلم لیگ ن کے رہنما راجہ الیاس کیانی نے ایک بیان میں کیا۔ الیاس کیانی نے کہا کہ پی پی 10 کو ایک سازش کے تحت تعلیم اور صحت کی سہولیات سے محروم رکھا گیا تاکہ علاقہ کے نوجوانوں میں شعور پیدا نہ ہو۔ انجینئر قمر الاسلام راجہ نے عام آدمی کو عزت دو کے نعرے نوجوانوں کو بیدار کردیا آئندہ انتخابات میں عوام کا استحصال کرنے والوں کا احتساب ہوگا ووٹ کی طاقت سے حلقہ پر مسلط عناصر کو عبرتناک شکست دیں گے۔

بقیہ 14
مہم، دہشت گردی کے خلاف اور دیگر تحریکوں اور عوامی ایشوز میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا، مراد سعید کو 2013 کے انتخابات میں اپنی سیاسی جدوجہد کی وجہ سے پارٹی ٹکٹ ملا اور ریکارڈ ووٹ کے ساتھ رکن اسمبلی بنا، مراد سعید نے پارلیمانی اور سیاسی میدان میں متحرک کردار ادا کیا اور ملک کی سیاست میں نام بنایا، اسی طرح 2018 کے انتخابات میں اپنی جماعت کے ٹکٹ پر دوبارہ عوام کا اعتماد ملا اور بڑی کامیابی حاصل کی، ستمبر 2018 میں سٹیٹ منسٹر بنے اور حکومت کے وژن کے مطابق پہلے سو دن میں وزارت کے اہداف حاصل کرکے وفاقی وزیر بنے۔ مراد سعید نے سابقہ فاٹا، آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان کے کامیاب انتخابی مہم میں اپنی جماعت کی بھرپور نمائندگی کرتے ہوئے پارٹی کا پیغام بہترین انداز میں پہنچایا۔ نوٹس میں کہا گیا کہ حال ہی میں وزارتوں کو دیئے گئے اہداف کی تقریب منعقد ہوئی جس میں مراد سعید کی وزارت کو پہلا نمبر ملا دیئے گئے اہداف کو سو فیصد حاصل کرکے establishment division کے طے شدہ criteria کے مطابق وزارت مواصلات پہلے نمبر پر آیا۔ نوٹس میں کہا گیا کہ گزشتہ دنوں آپکے مسودہ کا حوالہ دے کر وزارت مواصلات کی کارکردگی کو متنازعہ بنایا گیا جس سے درخواست کنندہ کی ہتک کے علاوہ وزارت سے منسلک اہلکاروں کی بھی حوصلہ شکنی ہوئی، نوٹس میں کہا گیا کہ مراد سعید کی تمام کامیابیوں کو متنازعہ بنانے کے لئے آپکی تحریر کا حوالہ دے کر بہتان تراشی اور غلیظ پروپیگنڈہ کیا جاتا ہے۔ نوٹس میں کہا گیا کہ آپ کے نام سے پہلے ایک مسودہ لیک ہوا جس کی آج تک آپ نے تردید نہیں کی اور بعد میں شائع کردہ مسودہ کا حوالہ دیکر مراد سعید پر تہمت لگائی گئی، آپ 14 دن کے اندر اپنی تحریر کی وضاحت کر کے معافی مانگیں ورنہ قانونی کارواء کے لئے تیار ہو جائیے، نوٹس کے ساتھ مختلف ٹی وی پروگراموں تقریروں اور سوشل میڈیا پوسٹس بھی اٹیچ کئے گئے ہیں اسکی وضاحت بھی مانگی گئی ہے، ان تمام بہتانوں میں آپکی تحریر کا نہ صرف حوالہ ہے بلکہ آپ اسکو ریٹویٹ بھی کرتی رہی ہے، 14 دن میں وضاحت اور معافی نہ مانگنے کی صورت میں عدالت سے سخت سزا اور ایک ارب ہرجانے کی استدعا کی جائے گی۔

بقیہ 15
خاتمے کے لیے پرعزم ہے، 27 جنوری کو پاکستان نے پولیو سے پاک ہونے کا ایک سال کا ہدف پورا کیا۔

بقیہ 16
کی دکان میں نامعلوم افراد تالے کاٹ کر داخل ہوئے جب کہ واقعے کی فوٹیج بھی منظر عام پر آگئی۔ 6 سے 7 ملزمان کو دیکھا گیا کہ کپڑے کی ایک دکان کے تالے کاٹنے کے بعد اندر داخل ہوتے ہیں اور بڑی تعداد میں کپڑے کے تھان لے کر فرار ہوجاتے ہیں۔

بقیہ 17
کرونا وائرس کے تناظر میں زائرین سے متعلق حکومت کی پالیسی سے متعلق کیس کی سماعت پیر کو ہوگی، کے پی میں ایڈیشنل سیشن ججز کی تقرری سے متعلق کیس کی سماعت منگل کو ہوگی، پاکستان ایڈمنسٹریٹو سروس افسران کی صوبہ سندھ میں تقرری سے متعلق کیس کی سماعت منگل کو ہوگی، پولیس افسران آؤٹ آف ٹرن پروموشن کیس کی سماعت منگل کو ہوگی، ای او بی آئی سے متعلق کیس کی سماعت بدھ کو ہوگی، شہباز شریف، قاسم سوری سمیت مختلف پارلیمنٹیرینز کی انتخابی عذرداریوں پر سماعت بدھ کو ہوگی، سرکاری اراضی پر قائم پٹرول پمپس کی لیز سے متعلق کیس کی سماعت بدھ کو ہوگی، مقدمات کی سماعت کیلئے آئندہ ہفتے پرنسپل سیٹ پر پانچ بنچ مقدمات کی سماعت کریں گے، بنچ ایک چیف جسٹس عمر عطا بندیال، جسٹس سجاد علی شاہ اور جسٹس محمد علی مظہر پر مشتمل ہوگا، بنچ دو میں جسٹس قاضی فائز عیسیٰ اور جسٹس یحییٰ

آفریدی شامل ہوں گے، بنچ تین جسٹس مقبول باقر، جسٹس مظہر عالم اور جسٹس جمال خان مندوخیل پر مشتمل ہوگا، بنچ چار میں جسٹس سردار طارق، جسٹس منصور علی شاہ اور جسٹس قاضی محمد امین شامل ہوں گے، بنچ پانچ جسٹس اعجاز الاحسن، جسٹس منیب اختر اور جسٹس مظاہر علی اکبر نقوی پر مشتمل ہوگا۔

بقیہ 18
پستول 30 بور معہ ایمونیشن برآمد ہوئے، گوجر خان پولیس نے 02 ملزمان تنویر احمد اور احسان الحق کو گرفتار کرکے ملزمان سے 02 پستول 30 بور معہ ایمونیشن برآمد کیے، مندرہ پولیس نے ملزم محمد عادل کو گرفتار کرکے ملزم سے 01 پستول 09 ایم ایم معہ ایمونیشن برآمد کیا، ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے، ایس ایس پی آپریشنز وسیم ریاض کا کہنا تھا کہ ناجائز اسلحہ اور ہوائی فائرنگ کرنے والوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری رہے گا۔

بقیہ 19
اسکواڈز نے اپنی اپنی ٹیموں کے ہمراہ پیشہ ور بھکاریوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 43 بھکاریوں کو گرفتار کرکے راولپنڈی شہر کے مختلف تھانوں میں بند کروایا۔ اس موقع پر ایس ایس پی آپریشنز وسیم ریاض کا کہنا تھا کہ خصوصی بیگر سکواڈ بھرپور محنت کر رہا ہے، پیشہ ور بھکاری راولپنڈی شہر کی مختلف شاہراہوں اور چوک چوراہوں کھڑے ہوکر نہ صرف ٹریفک کی روانی کو متاثر کرتے ہیں بلکہ حادثات کا بھی اندیشہ بناتے ہیں لہذا عوام سے بھی گزارش ہے کہ ایسے عوامل کی حوصلہ شکنی کی جائے اس سے نہ صرف معاشرے میں بہتری آئے گی بلکہ ٹریفک کی روانی بھی بہتر ہوگی۔

بقیہ 20
پنجاب سید حسین جہانیاں گردیزی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ضلع سرگودھا میں اپنی نوعیت کا یہ ایک میگا ایونٹ ہے جس میں ہائی ویلیو ایگریکلچر کے درآمد برآمد کنندگان، کاشتکاروں و دیگر اسٹیک ہولڈرز کی کثیر تعداد شریک ہے۔ اس نمائش کے انعقاد سے کاشتکاروں اور انڈسٹری کے مابین روابط میں مزید بہتری آئے گی۔ کاشتکار پھلوں و سبزیات کی جدید پیداواری ٹیکنالوجی سے متعلق آگاہی حاصل کرسکیں گے۔ صوبائی وزیر زراعت نے مزید کہا کہ زرعی مصنوعات کی برآمدات میں اضافہ کیلئے عالمی سطح پر بڑی منڈیوں تک رسائی کے لئے کوششیں جاری ہیں اور یہ زرعی نمائش ان کاوشوں کی ایک سلسلہ ہے۔ نمائش میں مقامی وملکی زرعی مصنوعات، انڈسٹری، زرعی مشینری، پھل اور سبزیوں کے سٹال لگائے گئے ہیں۔ اس نمائش سے ہائی ویلیو ایگریکلچر چین کو بہتر بنانے میں مدد ملے گی اور ہماری زرعی برآمدات میں اضافہ ہوگا۔ انہوں نے مزید بتایا کہ اس نمائش کے انعقاد سے قبل ہائی ویلیو ایگریکلچر چین کے فروغ کے لئے محکمہ زراعت اب تک 3 پاکستان ہارٹی ایکسپو اور 2 پنجاب ایگری ایکسپو نمائشوں کا انعقاد کر چکا ہے۔ جس میں 35 ہزار سے زائد وزیٹرز نے شرکت کی جن میں بیرون ملک سے آئے ہوئے امپورٹرز، خریدار اور بزنس مین بھی شامل تھے اور اس کے علاوہ 40 سے زائد وفود جو مختلف ممالک (ملائشیا، انڈونیشیا، قطر، مصر، سری لنکا، بحرین، تاجکستان، ازبکستان، سعودی عرب، بیلاروس اور یوکرائن وغیرہ) سے بھی شریک ہوئے۔ ان 5 نمائشوں کے ذریعے 2.3 ملین امریکی ڈالر کی بزنس ڈیلز ہوئیں۔ اس موقع پر وفاقی وزیر نیشنل فوڈ سیکیورٹی اینڈ ریسرچ سید فخر امام نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعظم پاکستان کے وژن کے مطابق زرعی برآمدات میں اضافہ کے لئے اقدامات کئے جارہے ہیں۔ آج ضلع سرگودھا میں منعقدہ یہ نمائش اسی کڑی کا ایک سلسلہ ہے۔ اس سے نہ صرف کاشتکاروں کو جدید پیداواری ٹیکنالوجی سے آگاہی حاصل ہوگی اور زرعی برآمدات میں اضافہ ہوگا۔ اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب اسد رحمان گیلانی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہائی ویلیو ایگریکلچر چین میں بہتری کے لئے محکمہ زراعت پنجاب 3 ارب 20 کروڑ روپے کی لاگت سے جاری منصوبہ کے تحت اب تک سرگودھا، چنیوٹ، منڈی بہاؤالدین اور ٹوبہ ٹیک سنگھ کے 81 ہزار ایکڑ رقبہ کے باغات کے 3 ہزار باغبانوں کو جدید پیداواری ٹیکنالوجی سے آگاہی اور عملی تربیت فراہم کی گئی ہے۔ اس منصوبہ کے تحت سٹرس انڈسٹری (پروسیسنگ یونٹس) کو بھی سپورٹ فراہم کی گئی ہے تاکہ ان کی سٹوریج اور ویلیو ایڈیشن کی صلاحیت کو بہتر بنایا جا سکے۔ اس کے علاوہ زرعی نمائشوں کا انعقاد بھی کیا جارہا ہے تاکہ ملکی زرعی برآمدات میں اضافہ کیا جا سکے۔ نمائش میں ممبر صوبائی اسمبلی شمیم آفتاب، فرانسیسی سفیر، ڈپٹی کمشنر ضلع سرگودھا اصغر جوئیہ، وائس چانسلر سرگودھا یونیورسٹی پروفیسر سلیم مظہر، ایڈیشنل سیکرٹری زراعت پلاننگ شرین ناز سمیت محکمہ زراعت کے افسران اور کاشتکاروں کی کثیر تعداد شریک ہوئی۔ یہ زرعی نمائش کل اختتام پذیر ہوگی۔

بقیہ 21
ہے۔ پاکستان میں انٹرنیشنل کرکٹ کی مکمل بحالی کا دن ہے۔ اتوار کے روز اپنے ایک ویڈیو پیغام میں انہوں نے کہا کہ آج کا دن کئی حوالوں سے یادگار ہے اور آج پی ایس ایل کا فائنل بھی ہے۔ انہوں نے کہا کہ طویل مدت کے بعد مکمل پی ایس ایل پاکستان منتقل ہوا ہے اور یہ سب ہماری حکومت کے دوران ہوا۔ چوہدری فواد حسین نے کہا کہ اسکے علاوہ آج آپریشن سوئفٹ ریٹارٹ کی یاد کا دن ہے۔ ہمارے شاہینوں نے بتا دیا کہ پاکستان پر بری نگاہ ڈالنے کا کیا انجام ہوتا ہے۔ وزیراعظم عمران خان کی قیادت میں ہماری افواج نے بہترین جواب دیا۔ بھارت کو یہ جواب مدتوں یاد رہے گا۔ آج کا تاریخی دن ہمارے لئے باعث فخر ہے۔

بقیہ 22
شہریوں کی مکمل اور جزوی ویکسی نیشن ہوچکی ہے۔ تفصیلات کے مطابق ذرائع وزارت صحت نے ملک بھر میں ہونے والی کرونا ویکسی نیشن کے اعداد وشمار جاری کردیے، 43 فیصد ملکی آبادی کی ویکسی نیشن مکمل ہوچکی ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ ملک میں ویکسی نیشن کی اہل 64 فیصد آبادی کی ویکسی نیشن مکمل ہوچکی ہے جبکہ 64 فیصد مکمل وجزوی ویکسی نیشن کروانے والے افراد کی شرح 82 فیصد ہوچکی ہے۔ ذرائع کے مطابق ویکسی نیشن کے حوالے سے وفاقی دارالحکومت اسلام آباد پہلے جبکہ صوبہ پنجاب دوسرے نمبر پر ہے، اسلام آباد کی 81 فیصد جبکہ پنجاب کی 70 فیصد اہل آبادی کی ویکسی نیشن ہوچکی ہے۔ سندھ میں 59 فیصد، بلوچستان میں 57 فیصد، پختونخوا میں 54 فیصد، آزاد کشمیر میں 50 فیصد اور گلگت بلتستان میں 48 فیصد اہل آبادی کی ویکسی نیشن مکمل ہوگئی۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ ملک بھر کے 15 کروڑ 36 لاکھ 15 ہزار 747 شہری ویکسی نیشن کے اہل ہیں جن میں سے 12 کروڑ 60 لاکھ 87 ہزار 515 شہریوں کی مکمل اور جزوی ویکسی نیشن ہوچکی ہے

بقیہ 23
کی تحصیلوں ٹیکسلا، مری، گوجرخان، کلرسیداں اور کہوٹہ سے 1428 ٹن اور نجی سوسائٹیز سے تقریباً 1335 ٹن کوڑا اٹھا کر ڈمپ سٹیشن پر تلف کر دیا، ماہ صفائی آپریشن میں دو، دو روز پانچ، پانچ یونین کونسلز میں پلاٹوں، کوڑے کے ڈھیر، تعمیراتی ملبہ اور نالیوں کی صفائی کی گئی اور چونے کا چھڑکاؤ بھی کیا گیا، اس آپریشن میں 125 منی ڈمپرز، 39 کمپیکٹرز، 4 آرم رولز، 4 ٹریکٹر لوڈرز، 2 ٹریکٹر ٹرالی، 2 جے سی بی فرنٹ اینڈ لوڈر اور 2 ڈمپرز کا استعمال کیا گیا، کنٹینرز کی مرمت کی گئی، شہر کی سڑکوں کے تقریباً 100 کلومیٹر ایریا کی روزانہ مکینیکل سوئیپنگ کی گئی، اسی طرح سڑکوں کے تقریباً 20 کلومیٹر ایریا کی مکینیکل واشنگ روزانہ کی گئی ساتھ ہی کمرشل ایریا کی بھی دھلائی کی گئی، اس عمل میں 3 مکینیکل سوئپر، 2 روڈ واشرز، اور 2 واٹر بوزر استعمال کئے گئے، ایم ڈی راولپنڈی ویسٹ منیجمنٹ کمپنی اویس منظور تارڑ نے ڈور ٹو ڈور آگاہی مہم میں کیمونیکیشن ٹیم کیساتھ شہریوں سے ملاقاتیں کیں اور صفائی کے حوالے سے انکی آراء اور تجاویز لیں، ساتھ ہی پمفلٹس بھی تقسیم کئے، ایم ڈی نے مارکیٹ آگاہی مہم میں دکانداروں سے صفائی یقینی بنانے کی اپیل کی اور پمفلٹس تقسیم کیئے، راولپنڈی ویسٹ منیجمنٹ کمپنی کی سوشل موبلائزیشن اینڈ کمیونیکیشن ٹیم نے مساجد میں آگاہی مہم کے حوالے سے امام صاحبان سے ملاقات کی اور انہیں اپنے خطاب کے ذریعے نمازیوں میں صفائی کا پیغام عام کرنے کی اپیل کی، راولپنڈی ویسٹ منیجمنٹ کمپنی کی طرف سے ماہ صفائی و انسداد ڈینگی آگاہی واک کا انعقاد کیا گیا، واک میں عملے سمیت شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی، مقررین نے واک میں پیغام دیا کہ شہری صفائی میں معاون بنیں، کوڑا کرکٹ کوڑادان میں ڈالیں، ہم سب نے ملکر اپنے شہر کو زیرو ویسٹ سٹی بنانا ہے، ڈینگی کی روک تھام کیلئے تمام اداروں اور شہریوں کو ملکر کام کرنا ہوگا، صفائی سے ہی بیماریوں کیخلاف لڑا جاسکتا ہے، واک کے شرکاء نے ماہ صفائی اور انسداد ڈینگی کے حوالے سے بینرز اٹھا رکھے تھے، راولپنڈی ویسٹ منیجمنٹ کمپنی کی طرف سے واک کے شرکاء میں پمفلٹس بھی تقسیم کئے گئے، قبل ازیں راولپنڈی ویسٹ منیجمنٹ کمپنی کی سوشل موبلائزیشن اینڈ کمیونیکیشن ٹیم نے یوسی 13 کے کتاریاں میں گھر گھر جا کر صفائی سے آگاہی اور ڈینگی کیخلاف حفاظتی اقدامات پر مشتمل پمفلٹس تقسیم کئے اور اسکے ساتھ ساتھ شہریوں کو صفائی کے فوائد اور اہمیت اور ڈینگی سے نمٹنے کیلئے اقدامات سے آگاہ کیا گیا۔

بقیہ 24
وڈیو میں آئل ڈپو سے اٹھتے شعلوں کو دیکھا جاسکتا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق میئر اور حکومتی حکام کی جانب سے آئل ڈپو پر روسی میزائل حملے کی تصدیق بھی کی گئی۔ کیف شہر کے حکام نے خبردار کیا کہ جلنے والے آئل ڈپو سے زہریلا دھواں اٹھ رہا ہے۔ حکام نے قرب و جوار کے رہائشیوں کو اپنے گھروں کی کھڑکیاں سختی سے بند کرنے کی ہدایت کی ہے۔ دارالحکومت کیف میں بہت سے افراد پہلے ہی زیر زمین رہ رہے ہیں۔ آتشزدگی کے بعد آئل ڈپو کی آن لائن پوسٹ کی گئی وڈیوز میں ہر جانب دھواں اٹھتا دیکھا جاسکتا ہے۔

بقیہ 25
اعتماد میں حکومت کو سرپرائز دیں گے۔ کارکنوں کے وفد سے ملاقات کے دوران گفتگو میں انہوں نے کہا کہ عوام دشمن حکومت نے 350 ارب روپے کے ٹیکس دوبارہ بجٹ میں لگائے ہیں، مزید سات روپے فی لٹر پٹرول مہنگا کرنے کی منصوبہ بندی ہو رہی ہے، حکومت نے کھاد کا بحران پیدا کرکے کسانوں کو بھاری نقصان پہنچایا، اس لئے عمران خان کو گھر بھیجنا ضروری ہوگیا ہے، نااہل حکمرانوں کو گھر بھیج کر ہی دم لیں گے۔

بقیہ 26
گرنے سے 9 مزدور زخمی ہو گئے، جنہیں ریسکیو 1122 نے موقع پر پہنچ کر الائیڈ ہسپتال شفٹ کردیا، زخمیوں میں عمر، ایم صابر، عزیز، عدیل، یاسین، زاہد بلال، بشیر اور مظہر شامل ہیں یہ تمام مزدور بھٹہ خشت پر محنت مزدوری کرتے ہیں۔

بقیہ 27
ملزم عبدالواحد کو گرفتار کرلیا، ملزم کے قبضہ سے سامان آتش بازی 100 انار، 08 شوٹر بکس اور 24 عدد چائنہ سٹک برآمد کرکے ملزم کے خلاف مقدمہ درج کرلیا گیا، ایس پی صدر نے ایس ایچ او کہوٹہ اور پولیس ٹیم کو شاباش دیتے ہوئے کہا کہ آتش بازی کے ذریعے شہریوں کی جانوں کو خطرے میں ڈالنے والے ملزمان کے خلاف کارروائیوں کا سلسلہ جاری رہے گا۔

بقیہ 28
فراموش لیکن قابل فخر دن ہے، آج کے دن پاکستان نے دنیا کو پیغام دیا کہ ہم سے جو ٹکرائے گا، پاش پاش ہو جائے گا۔ شہباز شریف نے کہا کہ اس دن اللہ تعالیٰ نے پاکستان کو فتح سے سربلند کیا۔ انہوں نے کہا کہ بالاکوٹ کی بھارتی جارحیت نے جنوبی ایشیاء اور دنیا کے امن وخطرے سے دوچار کیا، نپی تلی مؤثر جوابی کارروائی سے پاکستان نے ذمہ دار، خودمختار ملک ہونے اور اپنے دفاع کی بھرپور صلاحیت کا مظاہرہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی فضائیہ اور اپنے شاہینوں کو سلام پیش کرتے ہیں جنہوں نے دشمن کے دانت کھٹے کئے، پاکستان کی افواج نے دنیا کو دکھایا کہ ہماری امن پسندی ہماری کمزوری نہیں انہوں نے کہا کہ افواج پاکستان شیر دلیر اور جذبہ ایمانی سے لیس ہیں، پوری قوم اپنے شیروں کے ساتھ ہے، بھارتی طیارے مار گرانے اور پیشہ ورانہ قابلیت کا لوہا منوانے والے جانباز شاہینوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ قوم کو بھی خراج تحسین کی مستحق ہے جس کے اپنے آہنی ولولے، جذبے اور بے مثال اتحاد سے اس دن کو تاریخ کا سنہرا دن بنادیا انہوں نے کہا کہ پاکستان کی سلامتی، ترقی، دفاع اور ہر بیرونی جارحیت کے خلاف پورا پاکستان ایک تھا، ہے اور رہے گا۔ سال 2019 میں 27 فروری کو پاک فضائیہ نے ملک کی فضائی حدود کی خلاف ورزی کرنے والے بھارتی طیاروں کو مار گرایا تھا اور ان کا پائلٹ ابھی نندن بھی گرفتار کرلیا گیا تھا۔

بقیہ 29
فروش ذیشان اور عباس خان کو گرفتار کرلیا، ملزم ذیشان سے 03 کلو 680 گرام چرس، جبکہ عباس خان سے 01 کلو 100 گرام چرس برآمد ہوئی، آراے بازار پولیس نے 02 منشیات فروش حمید اللہ اور عمران راشد کو گرفتار کرکے ملزم حمید اللہ سے 01 کلو 800 گرام چرس اور ملزم عمران راشد سے 01 کلو 600 گرام چرس برآمد کی، روات پولیس نے ملزم عبدالرحیم کو گرفتار کرکے ملزم سے 600 گرام چرس برآمد کرلی، کوٹلی ستیاں پولیس نے ملزم زاہد گل کو گرفتار کرلیا، ملزم سے 180 اگرام چرس برآمد ہوئی، جبکہ مری پولیس نے ملزم واجد کو گرفتار کرکے ملزم

سے 380 گرام چرس برآمد کی، ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے، سی پی او عمر سعید ملک کا کہنا تھا کہ منشیات فروشوں کے خلاف کارروائیوں کا سلسلہ جاری رکھا جائے۔

بقیہ 30
مردہ مرغیاں برآمد کرلیں۔ پولیس کا کہنا ہے کہ دوران کارروائی ایک ملزم کو گرفتار کرلیا گیا ہے، ملزم مردہ مرغیوں کو فروخت کے لیے لاہور لے جار ہا تھا۔ پولیس کے مطابق مردہ مرغیوں کا گوشت لاہور میں ریسٹورنٹس کو سپلائی کیا جانا تھا۔

بقیہ 31
کیا۔ ایس پی رورل ضیاء الدین نے کہا کہ قبضہ مافیا کے خلاف سخت ایکشن جاری رہے گا۔ آئی جی نے کہا کہ کسی بھی شرپسند عناصر کو شہر کا امن تباہ نہیں کرنے دیں گے، شہریوں کی جائیداد ہتھیانے والے عناصر کو قانون کے کٹہرے میں کھڑا کیا جائے گا

بقیہ 32
پاکستان پیپلز پارٹی کے 79 فیصد، پی ٹی آئی کے 75 فیصد، (ن) لیگ کے 73 فیصد ووٹرز نے ملک چھوڑنے کا موقع ملنے کے باوجود پاکستان سے باہر نہ جانے کا کہا۔

بقیہ 33
کہ 27 فروری کو پاک فضائیہ کے شاہینوں نے اپنے پروفیشنل ازم کا لوہا منوایا جس کا مقصد بھارت کے غرور کو خاک میں ملانا تھا۔ انہوں نے کہا کہ 27 فروری یوم فتح ہے ہر پاکستانی کا سر فخر سے بلند ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاک فضائیہ کے شاہینوں کی اڑان دشمن پر ہیبت طاری کرتی ہے کیونکہ اسکی اساس لا الہ الا اللہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت اب بھی سرحد عبور کرنے کا سوچ گا بھی نہیں۔ وزیر اطلاعات نے کہا کہ یوم فتح پر ہر پاکستانی مسرور ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاک فضائیہ اقبال کی عقابی روح کا شاہکار ہے جس کا وار کبھی خالی نہیں جاتا۔

بقیہ 34
صدر ایمانوئل ماکروں نے فرانس میں ایک سالانہ زرعی میلے سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ میں آپ کو ایک بات بتا سکتا ہوں کہ یہ جنگ طویل عرصے تک جاری رہے گی۔ یہ بحران جاری رہے گا، یہ جنگ جاری رہے گی اور اس کے ساتھ آنے والے تمام بحرانوں کے دیرپا نتائج ہوں گے۔ ہمیں تیار رہنا چاہیے۔ ماکروں کا کہنا تھا کہ یورپ میں جنگ لوٹ آئی ہے، یہ فیصلہ صدر ولادیمیر پوٹن نے یکطرفہ طور پر کیا، ایک المناک انسانی صورتحال کے ساتھ، یوکرائنی لوگ اس جنگ کی مزاحمت کر رہے ہیں اور یورپ یوکرائنی عوام کے شانہ بشانہ اس جنگ کی مزاحمت کر رہا ہے۔ فرانس کی جانب سے کہا گیا ہے کہ جارجیا اور مالدووا کے صدور کو کال کرتے ہوئے، ماکروں نے یورپی یونین کے مشرق میں اپنے شراکت داروں کی حمایت کرنے کے عزم کا اظہار کیا۔ ہم مالدووا اور جارجیا کے ساتھ کھڑے ہیں تاکہ ان کی خودمختاری اور ان کی سلامتی کا دفاع کریں۔

بقیہ 35
انصاف کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔

بقیہ 36
انہوں نے کہا کہ تمام اداروں کے اپنی اپنی آئینی حدود میں رہتے ہوئے کارکردگی اور اختیارات ہوں، پارلیمنٹ اور کمیٹی سسٹم کا استحکام اور پائیداری کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ اعلیٰ عدلیہ کے ججوں کی تقرری کے سلسلے میں پارلیمانی کمیٹی کے 1973 کے آئین میں دیئے گئے کردار کا ازسرنو تعین کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ آزاد الیکشن کمیشن آف پاکستان کا قیام کیا جائے، قانون کی حکمرانی کو یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ ایک آزاد اور قابل احتساب عدلیہ کو ممکن بنایا جائے، ملک بھر کے تمام مزدوروں کو سندھ کی طرز پر یونین سازی کا حق دیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ طلبا کے لئے یونین سازی کا حق اور طالبعلموں کی فلاح و بہبود کیا مور میں ان کا فیصلہ ساز کردار تسلیم کیا جائے، آزادی اظہار کے حق کو یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ پرنٹ اور الیکٹرانک میڈیا میں باضابطہ اور غیر اعلانیہ دونوں قسم کی سنسر شپ کا خاتمہ کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ میڈیا کمیشن کی رپورٹ کی سفارشات کے مطابق پیمرا کی آزادی کیلئے نئی قانون سازی کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ سائبر کرائم قانون کی تمام غیر منصفانہ اور جابرانہ دفعات کا خاتمہ کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ تمام پبلک اداروں میں ڈیٹا کے تحفظ کے لئے نئی قانون سازی کی جائے، تمام ضرورت مند مردوں اور خواتین کے لئے بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کی توسیع اور اصلاح کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ ایک مساوات کمیشن کا قیام کیا جائے جو صوبوں کی مشاورت سے تمام خواتین اور اقلیتوں کے لئے منصفانہ اجرت اور روزگار پالیسی مرتب کرے۔ انہوں نے کہا کہ خواتین کے خلاف تشدد، گھریلو تشدد، تیزاب کے حملوں اور جنسی طور پر ہراساں کرنے کے قوانین پر لازمی عملدرآمد کو یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ تمام پبلک مقامات، پبلک ٹرانسپورٹ اور پبلک سہولیات میں خواتین، بچوں اور خصوصی اقلیتوں کے افراد کو باسہولت داخلہ یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ 16 سال کی عمر تک بچوں کی آئین میں دی گئی شق کے مطابق لازمی تعلیم کو ایک مقررہ مدت کے اندر اندر یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ قابل استطاعت صحت اور علاج معالجے کے حقوق کی فراہمی کو سرکاری اور منظور شدہ نجی شعبے کے اسپتالوں کے نیٹ ورک کے ذریعے یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ ان خواتین کے لئے جنہیں زچہ اور بچے کے سلسلے کی مفت خدمات اور نقد معاوضے کی ضرورت ہے کے لئے ایک مقررہ مدت کے اندر اندر ان حقوق کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ اقلیتوں کی جبری تبدیلی مذہب کی روک تھام کے لئے موثر قانون سازی اور اس پر عملدرآمد کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی خودمختاری اور آئین کی اٹھارویں ترمیم اور آئین کی دیگر شقوں کے تحت دیئے گئے صوبائی حقوق مثلاً نیشنل فنانس کمیشن ایوارڈ کے مقررہ مدت پر اجرا کی گارنٹی دی جائے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام کے پاکستان کے آئین کے تحت دیئے گئے حقوق کی یقینی فراہمی اور ان کی فیصلہ سازی کی آزادی کو یقینی بنانے کے لئے قومی اتفاق رائے پیدا کیا جائے، ایسے افراد کے سوا جن پر خطرناک نوعیت کے الزامات ہیں تمام سیاسی قیدیوں کی رہائی کو یقینی بنانا اور سیاسی گفت و شنید کے ذریعے ناراض بلوچ سیاسی رہنماؤں کو ملک میں واپس لانے اور ان کو مرکزی سیاسی دھارے میں شامل کرنے پر قومی اتفاق رائے پیدا کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ آئین کے آرٹیکل 158 کے تحت تیل اور گیس پیدا کرنے والے صوبوں کو ان کی تیل اور گیس کی پیداوار پر اپنی ضروریات پوری کرنے کے ترجیحی حقوق کو موثر بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ پرتشدد انتہا پسندی کی بیخ کنی

کیلئے نیشنل ایکشن پلان پر عملدرآمد کو یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ جنوبی پنجاب کے عوام کی شناخت اور ان کی خواہشات کے مطابق جنوبی پنجاب کے نئے صوبے کا قیام اور اس علاقے کو نظر انداز کئے جانے اور اس کی پسماندگی کا خاتمہ کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ گلگت بلتستان اور آزاد جموں و کشمیر کے علاقہ جات کی مالیاتی خودمختاری اور ان کو ان کے ریونیو اور مرکز سے تفویض کردہ مالی وسائل پر مکمل اختیار دیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ مزدوروں کو قابل گزارہ اجرت کی ادائیگی کا حق دیا جائے، تمام مزدوروں بشمول ان مزدوروں کے جو معیشت کے ان فارمل شعبوں، کنٹریکٹ لیبر، اپنے گھر سے کام، گھریلو ملازمین اور موسمی مزدور ہیں سوشل سیکیورٹی کا تحفظ فراہم کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ زرعی شعبے کے مزدوروں اور چھوٹے کسانوں پر لیبر قوانین، کم سے کم اجرت کے قانون، سوشل سیکیورٹی اور زیادہ سے زیادہ کام کے اوقات کے قوانین کا اطلاق کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ اس وقت سندھ واحد صوبہ ہے جس میں خواتین کھیت مزدوروں کو رجسٹر کرنے اور ان کو قانونی تحفظ اور حقوق فراہم کرنے کے لئے قانون پاس کیا گیا ہے، ان قوانین کو تمام ملک میں لاگو کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ زرعی اجناس کی قیمتوں اور ان پر سبسڈی کے لئے ایک نیا فریم ورک تشکیل دیا جائے جس سے قومی پیمانے پر غذائی تحفظ کے حق کی پاسداری، مستحکم نرخوں اور شہری اور دیہی عوام کی یکساں آمدنی کو یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ غریب طبقات کے لئے رہائش کی فراہمی کے حق اور ان کو جبری طور پر گھر سے بے دخل کرنے کے خلاف قانون سازی کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ کچی آبادیوں اور انتہائی پسماندہ علاقوں کو ریگولرائز کرنے اور ان کو بنیادی شہری سہولتیں فراہم کرنے کے لئے قانونی فریم ورک کی تیاری کی جائے۔

بقیہ 37
پیپر میں ان شکوک وشبہات کو بھی دور کیا ہے کہ آیا دفعہ 370 کو واپس لیا جا سکتا ہے، کیا دفعہ 35-A کو ہٹایا جا سکتا ہے وغیرہ۔ انہوں نے کہا کہ ہم کشمیر انتظامیہ اور بی جے پی حکومت کو چیلنج کرتے ہیں کہ وہ ہمارے وائٹ پیپر کا جواب اپنے وائٹ پیپر سے دیں۔ ہم بی جے پی حکومت کو نوکریوں کی فراہمی، سرمایہ کاری اور ترقی کے دعوؤں پر چیلنج کرتے ہیں۔ تاریگامی نے جموں وکشمیر میں رئیل اسٹیٹ میں سرمایہ کاری کے دعوؤں کو مسترد کیا۔ انہوں نے کہا کہ آپ کس رئیل اسٹیٹ کی بات کر رہے ہیں؟ ہمیں بتائیں کہ دفعہ 370 کی منسوخی کے بعد جموں وکشمیر میں کتنے نوجوانوں کو نوکریاں ملی ہیں؟ انہوں نے کہا کہ پی اے جی ڈی دفعہ 370 کی منسوخی پر بحث کے لیے پارلیمنٹ کے تمام ارکان کو مدعو کرے گا اور اپنے وائٹ پیپر کی کاپیاں صدر جمہوریہ ہند کو بھی بھیجے گا۔ یوسف تاریگامی نے کہا کہ بھارت میں صرف بی جے پی کے نظریے کو ماننے والے لوگ نہیں رہتے ہیں بلکہ کروڑوں دوسرے لوگ بھی رہتے ہیں جو اس کے مخالف ہیں۔ تاریگامی نے جموں وکشمیر میں اسمبلی حلقوں کی حد بندی کے طریقہ کار پر بھی سوال اٹھایا۔ انہوں نے کہا کہ پی اے جی ڈی حد بندی کے خلاف نہیں بلکہ جس طریقے سے یہ کی جارہی ہے، اس کے خلاف ہے۔ انہوں نے اس بات کا اعادہ کیا کہ پی اے جی ڈی اپنے موقف پر قائم ہے کہ موجودہ حد بندی کا عمل جموں وکشمیر تنظیم نو ایکٹ کے تحت کی جا رہی ہے جسے بھارتی سپریم کورٹ میں چیلنج کیا گیا ہے۔

بقیہ 38
گے اس کے علاوہ تمام پودوں کی دیکھ بھال اور افزائش کا بھی مناسب انتظام کیا جائے گا۔ بلین ٹری منصوبہ پاکستان کی پہچان ہے، دنیا بھر میں اس اہم منصوبے کو سراہا جا رہا ہے۔ حکومت جنگلات اور جنگلی حیات کی حفاظت اور ترقی تمام تر وسائل بروکار لا رہی ہے آزاد کشمیر میں زیادہ سے زیادہ درخت لگا کر ہم نے آنے والی نسلوں کے لیے سرسبز و شاداب ملک بنانا سکتے ہیں پاکستان کی بقاء صرف اور صرف شجرکاری میں ہے ہم نے مل کر کلین اینڈ گرین آزاد کشمیر بنانے کے لیے زیادہ سے زیادہ درخت لگانے ہیں تاکہ یہ خطہ سرسبز اور خوبصورت ہو سکے شجرکاری صدقہ جاریہ ہے شجرکاری کے ساتھ ہمارا مستقبل وابستہ ہے آزاد کشمیر کے لیے آنے والے پانچ سال کے لیے موجودہ حکومت آزاد کشمیر میں سیاحت کے فروغ کے لئے تمام وسائل بروکار لا رہی ہے عوام اور محکمہ جنگلات ملکر زیادہ سے زیادہ شجرکاری کو یقینی بنائیں، شجرکاری کیساتھ ساتھ شجرپروری کے حوالے سے عوام میں شعور بیدار کرینگے۔ دنیا کے نیاب اور قیمتی درخت آزاد کشمیر میں پائے جاتے ہیں یہ ہماری خوش قسمتی ہے کہ ہم اس ریجن میں رہتے ہیں جہاں پر ہر موسم میں شجرکاری کی جاسکتی ہے۔ صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ درخت انسان کو آکسیجن فراہم کرتا ہے دنیا میں کہیں بھی کوئی درخت کٹتا ہے اس کے منفی اثرات پوری دنیا کے ماحول پر پڑتے ہیں۔ اس لیے یہ آنیوالی نسلوں کی بقاء ہے لہذا عوام کو چاہئے کہ وہ جنگلات کے تحفظ میں اپنا کردار ادا کریں۔ اس سے دنیا کے بڑھتے ہوئے درجہ حرارت کو کنٹرول کرنے میں مدد ملے گی۔ انہوں نے کہا سبز درخت کی کٹائی کی کہیں کوئی گنجائش نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ آزاد کشمیر کا خطہ بہت زرخیز ہے ہمارے بچوں کا مستقبل ان درختوں سے وابستہ ہے انہوں نے کہا کہ موسمیاتی تبدیلیوں سے نمٹنے کا واحد طریقہ شجرکاری ہے۔ انہوں نے کہا کہ محکمہ جنگلات پورے آزاد کشمیر میں خالی پرائیوٹ اور جنگلی رقبہ جات میں شجرکاری کی جارہی ہے وزیر جنگلات نے کہا کہ اس مہم کا سب سے اہم مقصد ارض پاک کو سرسبز وشاداب بنانا ہے تاکہ ملک سے ماحولیاتی آلودگی کا خاتمہ کیا جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ عوام سے اپیل کی جاتی ہے کہ وہ حکومت کے ساتھ اس مہم میں تعاون کریں تاکہ ملک پاکستان کو خوب صورت بنایا جاسکے۔

بقیہ 39
فضائیہ کے شاہینوں نے جرات کی نئی تاریخ رقم کی۔ 27 فروری کا دن بھارت کیلئے ندامت کے سوا کچھ نہیں۔ پاک وطن کے بہادر سپوتوں نے 27 فروری 2019 کو بھارت کو رسوائی اور شرمندگی کا عبرتناک سبق دیا۔ پاکستان کے شاہینوں نے بھارتی فضائیہ کے جہاز گرا کر پورے بھارت میں صف ماتم بچھا دی۔ جنگی طیارے تباہ کرکے پاکستان نے دشمن کو سرپرائز دیا۔ وزیراعلیٰ عثمان بزدار نے کہا کہ ارض پاک کی فضائی سرحدوں کی حفاظت کرنیوالے پاکستان ایئرفورس کے جوانوں کو سلام پیش کرتے ہیں۔

بقیہ 40
کا اظہار کیا۔ وزیراعلیٰ عثمان بزدار نے کہا کہ سجادہ نشین الحاج پیر ہارون الرشید کے انتقال پر دلی صدمہ ہوا ہے۔ لواحقین اور عقیدت مندوں کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ وزیراعلیٰ عثمان بزدار نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کی روح کو جوار رحمت میں جگہ دے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا

فرمائیں۔ آمین

بقیہ 41
ایل کے پچھلے 6 ایڈیشنز تک لیگ میں فتح حاصل کرنے والی ٹیم کو 5 کروڑ روپے کی انعامی رقم دی جاتی رہی ہے تاہم اس بار انعامی رقم میں 3 کروڑ روپے کا اضافہ کیا گیا ہے۔

بقیہ 42
بیرسٹر سلطان محمود چوہدری اور وزیراعظم سردار عبدالقیوم نیازی مسئلہ کشمیر کے حوالے سے کشمیر کی ساری قیادت کو ساتھ لیکر چل رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم پاکستان عمران خان کشمیریوں کے سفیر ہیں جنہوں نے ہر بین الاقوامی فورم پر کشمیریوں کی نمائندگی کا حق ادا کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت کو جان لینا چاہیے کہ وہ کشمیریوں کو زیادہ دیر تک غلام نہیں رکھ سکتا اسے کشمیریوں کو حق خودارادیت ہر حال میں دینا پڑے گا۔

بقیہ 43
خان کا قافلہ میدان میں اترا ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ سنا ہے بلاول بھی پنجاب کیلئے نکل رہے ہیں، بلاول پوچھنا چاہتے ہیں کہ پچھلے ساڑھے تین سال میں عمران خان اور پاکستان تحریک انصاف نے کیا کیا؟ ضرور پوچھیں، پوچھنا ان کا حق ہے جواب دینا ہمارا فرض ہے۔ مخدوم شاہ محمود قریشی نے کہا کہ میں سندھ کی عوام سے پوچھنے آیا ہوں کہ پچھلے پندرہ سال میں پیپلز پارٹی کی حکومت نے سندھ کی عوام کیلئے کیا کیا؟ انہوں نے کہا کہ ہم سندھ کے لوگوں کو صحت کارڈ دینا چاہتے ہیں لیکن یہ اس میں رکاوٹ بنے ہوئے ہیں۔ وزیر خارجہ نے کہا کہ تھر کے لوگوں کو ہم نے صحت کارڈ دے دیا ہے تاہم میں سوال کرنا چاہتا ہوں کہ آپ باقی سندھیوں کو اس حق سے محروم کیوں کرنا چاہتے ہیں۔ شاہ محمود قریشی نے کہا کہ یہی سوال لیکر میں سندھ میں داخل ہوا ہوں، آپ کو پانچویں دفعہ اقتدار کا موقع ملا ہے، عمران خان پہلی مرتبہ اقتدار میں آیا ہے تاہم جس معاشی حالت میں آپ ملک کو چھوڑ کر گئے اس سے میں اچھی طرح واقف ہوں۔ وزیر خارجہ نے کہا کہ ہم نے دیوالیہ معیشت کو سہارا دیا اسے استحکام کی طرف لیکر آئے اور اب بحالی کے راستے پر گامزن ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ان کی حالت یہ ہے کہ یہ اسلام آباد کے جانے کیلئے ایک ایک کارکن کو تیں، تیں ہزار روپے دے رہے ہیں، یہ محترمہ بینظیر بھٹو کی پارٹی نہیں ہے یہ زرداری کی پارٹی ہے، جس کا مقابلہ کرنے عمران خان کا قافلہ میدان میں اترا ہے۔

بقیہ 44
سونا 9 لاکھ روپے اور 14900 درہم لے اڑے، تھانہ یارحسین پولیس نے نامعلوم ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کرکے تفتیش شروع کردی۔

بقیہ 45
کہ قوم کو عدم اعتماد سے کوئی دلچسپی نہیں۔ عوام صرف ترقی وخوشحالی چاہتے ہیں جبکہ اپوزیشن ترقی کے سفر کی راہ میں روڑے اٹکا رہی ہے۔ وزیراعلیٰ عثمان بزدار نے کہا کہ اقتدار کی خاطر سیاست کرنے والی اپوزیشن کے ہاتھ کچھ نہیں آئے گا۔ اپوزیشن میں عدم اعتماد لانے کا حوصلہ ہی نہیں۔

بقیہ 46
عملے نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے اسمگلنگ کی کوشش ناکام بنادی، اور ملوث ملزمان کی گرفتاری کے لیے تحقیقات کا آغاز کردیا گیا ہے۔

بقیہ 47
بالخصوص سیرت طیبہ کے بارے میں مکمل آگاہی ہوسکے۔ وہ ہفتہ کو فیصل آباد کے ایک نجی سکول میں تعلیمی سرگرمیوں میں نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنیوالے طلبا و طالبات میں انعامات تقسیم کرنے کی تقریب سے خطاب کررہے تھے۔ اس موقع پر رئیس ادارہ، ٹیچنگ سٹاف ممبران، طلبا و طالبات کے والدین اور سول سوسائٹی کے مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے افراد بھی بڑی تعداد میں موجود تھے۔ انہوں نے کہا کہ آج کے بچے مستقبل کے معمار ہیں اسلیے والدین اور اساتذہ تعلیم کے ساتھ ساتھ ان کی کردار سازی پر بھی خصوصی توجہ دیں کیونکہ بچوں کی تعلیم کے ساتھ ساتھ ان کی تربیت جتنی بہتر ہوگی یہ بچے کل کو اسی حساب سے زندگی کے ہر میدان میں اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوانے کے قابل ہوسکیں گے۔ وزیر مملکت فرخ حبیب نے کہا کہ ہمیں اپنے بچوں کو جدید علوم کے ساتھ اخلاقی لحاظ سے بھی بہتر بنانا ہے لہٰذا بچوں کو چھوٹی عمر سے ہی دین اسلام کے سنہری اصولوں، ہمارے اسلاف، قومی ہیروز اور درخشاں ماضی سے روشناس کروانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم عمران خان نے پنجاب کی طرح فیصل آباد کے ہر شہری کو قومی صحت کارڈ کے ذریعے سالانہ 10 لاکھ روپے تک مفت علاج کی سہولت فراہم کردی ہے جس سے اب کوئی بھی شہری صرف پیسے نہ ہونے کی وجہ سے علاج سے محروم نہیں رہے گا۔

بقیہ 48
فروری تک پٹرول 49 روپے 17 پیسے جبکہ ڈیزل 40 روپے 16 پیسے مہنگا ہوا۔ یکم مارچ سے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں 9.59 روپے فی لیٹر اضافے کا امکان ہے۔ یکم جولائی کو پٹرول کی قیمت میں دو روپے کا اضافہ ہوا اور قیمت 110 روپے 69 پیسے سے بڑھ کر 112 روپے 69 پیسے ہوگئی۔ 16 جولائی کو 5 روپے 40 پیسے فی لیٹر مہنگا ہوا۔ یکم اگست کو پٹرول کی قیمت ایک روپے 71 پیسے بڑھی، سولہ اگست کو قیمت برقرار رہی۔ یکم ستمبر کو پٹرول ایک روپے 50 پیسے سستا ہوا، 16 ستمبر کو قیمت میں 5 روپے اضافہ ہوا، یکم اکتوبر کو پٹرول 4 روپے فی لیٹر مہنگا ہوا، 16 اکتوبر کو قیمتوں میں ریکارڈ 10 روپے 49 پیسے اضافہ ہوا اور

فی لیٹر قیمت 127 روپے 30 پیسے سے بڑھ کر 137 روپے 79 روپے ہوگئی۔ حکومت کی جانب سے یکم نومبر کو ایک بار پھر پٹرول 8 روپے 3 پیسے مہنگا کردیا گیا۔ پندرہ نومبر اور یکم دسمبر کو پٹرول کی قیمتیں برقرار رکھی گئیں۔ 16 دسمبر کو حکومت نے پٹرول کی قیمت میں 5 روپے فی لیٹر کمی کردی، جس کے بعد نئی قیمت 140 روپے 82 پیسے مقرر ہوئی۔ یکم جنوری کو قیمتیں برقرار رہیں، 15 جنوری کو حکومت نے پٹرولیم مصنوعات کی 3 روپے تک اضافہ کیا۔ یکم فروری کو حکومت نے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کو برقرار رکھا۔ 15 فروری کو پٹرول کی قیمت میں 12 روپے تین پیسے کا اضافہ کیا گیا جس کے بعد فی لٹر پٹرول کی قیمت 159 روپے 86 پیسے تک جا پہنچی۔ یکم مارچ سے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں 9.59 روپے فی لیٹر اضافے کا امکان ہے جس پر عوام نالاں ہیں۔ 16 فروری کو خام تیل کی قیمت 94 ڈالر فی بیرل یومیہ تھی۔ یوکرین پر روسی حملے کے نتیجے میں قیمتوں میں اضافہ ہوا جو 2014 کے بعد پہلی بار 100 ڈالر فی بیرل سے تجاوز کرگئی۔

بقیہ 49
مودی کو دینا چاہتا ہوں اور ایک پیغام بلاول بھٹو زرداری کو دینا چاہتا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ مودی نے تین سال پہلے جارحیت کی اور پاکستان کی سرحدوں پر حملہ کیا، ایک جاگتی قوم تھی، تم نے حملہ کیا جس کا ہم نے جواب دیا، ہم نے ابھی نندن کو چائے پلا کر واپس بھیجا، سوچ سمجھ کر پاکستان کی طرف آنکھ اٹھانا، آج وہ نہیں جو تمہیں ساڑھیاں پیش کریں۔ بلاول بھٹو زرداری کیلئے اپنے پیغام میں شاہ محمود قریشی نے کہا کہ سنا ہے بلاول آج لانگ مارچ نکال رہے ہیں، وہ کہتے ہیں کہ ہم سے حساب لینے نکلے ہیں تو ضرور لو ہمارا حساب، ہمارا وزیراعظم گھبراتا نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ سندھ میں بلاول سے 15 سال کا حساب لینے آئے ہیں، کراچی کے لوگوں کو دن دیہاڑے گن پوائنٹ پر لوٹا جارہا ہے، بلاول سے پوچھتا ہوں کہ کراچی میں بے امنی کا ذمہ دار کون ہے؟ آئی جی، ایس پی کس کے تابع ہیں؟ بلاول سے پوچھتا ہوں کہ ورکرز کو 30، 30 ہزار روپکیس نے دیے ہیں؟ وزیر خارجہ نے کہا کہ کراچی سے نکلنے سے پہلے لوگ امن و امان سے متعلق سوال کریں گے، سروے کے مطابق 5 فیصد پنجاب کے لوگوں نے پیپلز پارٹی کو ووٹ دینے کا کہا ہے جبکہ خیبر پختونخوا کے بلدیاتی انتخابات میں پیپلز پارٹی کو ایک تحصیل کی سیٹ ملی۔ شاہ محمود قریشی نے کہا کہ سندھ کے عوام کو کہتا ہوں کہ پیپلز پارٹی کا مقابلہ پی ٹی آئی کرے گی۔

بقیہ 50
نے حاجی احمد رضا، تھانہ میانی پولیس نے محمد اکرم، ثاقب منیر، تھانہ بھیرہ پولیس نے سرفراز، شیر محمد، فیصل شہزاد، تھانہ کوٹ مومن پولیس نے عاصم، تھانہ سلانوالی پولیس نے شیر خان اور تھانہ ترکھانوالہ پولیس نے سرفراز، تھانہ ساجد شہید پولیس نے طارق جاوید، اسد اقبال، تھانہ کینٹ پولیس نے عدنان شوکت، سہیل بٹ، تھانہ جھال چکیاں پولیس نے شیراز، تھانہ صدر بھلوال پولیس نے امجد اقبال، اسلم، تھانہ بھیرہ پولیس نے شیر علی عرف شیری، سیف اللہ، محمد اظہر، عدنان شہزاد، اکمل شہزاد، شاہد نذیر، تھانہ پھلروان پولیس نے طارق، تھانہ لکسیاں پولیس نے کامران، تھانہ ساہیوال پولیس نے اشرف، عطاء محمد، فتح شیر، تھانہ سلانوالی پولیس نے محمود علی، محمد خان اور شمشاد علی، تھانہ فیکٹری ایریا پولیس نے شہباز اختر، تھانہ کوٹ مومن پولیس نے محمد اکرام، محمد نذیر، تھانہ میلہ پولیس نے وقاص اور تھانہ شاہ پور صدر پولیس نے محمد ممتاز کو گرفتار کرلیا۔ اس طرح گرفتار اشتہاری مجرمان اور عدالتی مفروران کے خلاف حسب ضابطہ قانونی کارروائی کرتے ہوئے مزید کی گرفتاری کے لئے تلاش جاری ہے۔

بقیہ 51
عالمی قانون کی صریحاً خلاف ورزی کرتے ہوئے بھارت نے پاکستانی فضائی حدود کی خلاف ورزی کی اور پاکستانی علاقے کے اندر فضائی حملے کئے۔ ہماری بہادر افواج نے پاکستان کی خودمختاری کی خلاف ورزی کی کوشش کو بروقت موثر کارروائی سے ناکام بنادیا۔ پاکستان نے نہ صرف اپنی خودمختاری کا پختہ عزم اور ثابت قدمی سے تحفظ کیا بلکہ انتہائی ضبط و تحمل کا بھی مظاہرہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ 27 فروری 2019 کو ایک بار پھر دو بھارتی جہازوں نے پاکستان کی فضائی حدود کی خلاف ورزی کی جنہیں پاکستان ایئر فورس کے طیاروں نے مار گرایا۔ مار گرائے جانے والے ایک بھارتی طیارے کے گرفتار ہوا باز کو خیرسگالی کے جذبے کے تحت واپس کردیا گیا۔

بقیہ 52
سے پھولی ہوئی نظر آرہی ہیں۔

بقیہ 53
کی قیادت ایم پی اے چوہدری ساجد اور چوہدری محمد عظیم کی محنت و کاوش شامل ہے اس منصوبے کے لئے گورنمنٹ پنجاب 54 فٹ زمین ایکوائر کررہی ہے یہ نیا روٹ اہلیان تحصیل گوجرخان اور باسیان دولتالہ کے لئے مستقبل میں انتہائی سودمند ثابت ہوگا

بقیہ 54
پولیس اہکاروں کو گمراہ کرنے کی دفعات کے تحت مقدمہ درج کرکے مزید تفتیش شروع کردی

بقیہ 55
مطابق پیونگ یانگ کی طرف سے مقامی وقت کے مطابق اتوار کی صبح سات بج کر باون منٹ پر ایک میزائل بحیرہ جاپان کی جانب داغا گیا۔ جاپان نے بھی اس تجربے کی تصدیق کی۔ بتایا گیا ہے کہ یہ میزائل تین سوکلومیٹر کی رینج کا حامل تھا۔

AWAMI HOST
مارکیٹ سے شرطیہ انتہائی کم ترین ریٹ پر
صرف 1000/- روپے میں
Free (.us) domain
Features:
Free SSL Certificate
1 Click WordPress installer
Unlimited Space
Unlimited Bandwidth
Unlimited Email Accounts
Unlimited MySQL data bases
Unlimited Subdomains
Latest Version of PHP, MYSQL and cPanel
24/7/365 Support
100% Up time Guarantee
Free/Instant Setup
اپنے کاروبار کے لئے ویب سائٹ ہم سے بنوائیں۔
وہ بھی ڈومین اینڈ ہوسٹنگ کے ساتھ
News Website
Business Website
School Website
TV Channel Website
سی پینل اور ورڈپریس دونوں اکاؤنٹ دیے جائے گے
ویب سائٹ میں ڈیٹا ڈالنے کا مکمل طریقہ بھی ساتھ سکھایا جائے گا
یہ آفر محدود مدت کے لیے ہے
Call / Whatsapp 0309-7900035
E-Commerce Website Price: 3000/- PKR

24 فیصد پاکستانی بہتر مستقبل کیلئے ملک چھوڑنے پر تیار

76 فیصد پاکستان نہ چھوڑنے کا کہہ دیا، 64 فیصد پاکستانیوں نے مہنگائی کو ملک کا اہم مسئلہ قرار دیدیا

سروے کے مطابق 76 فیصد پاکستانی موقع ملنے کے باوجود کسی امیر ملک جانے کے لیے رضا مند نظر نہیں آئے

اسلام آباد (رانا فہد نذیر) حال ہی میں کیے جانے والے ایک سروے کے مطابق 76 فیصد پاکستانیوں نے کسی امیر ملک جانے کا موقع ملنے کے باوجود پاکستان نہ چھوڑنے کا کہا ہے، 64 فیصد پاکستانیوں نے مہنگائی کو ملک کا اہم مسئلہ قرار دیدیا گیلپ پاکستان نے 5 ہزار سے زائد افراد کی رائے پر مبنی نیا سروے جاری کیا ہے جس کے مطابق بیرون ملک جانے کا نہ کہنے والوں میں ہر طبقے، عمر اور سیاسی نظریات کے افراد نظر آئے۔ سروے کے مطابق 76 فیصد پاکستانی موقع ملنے کے باوجود کسی امیر ملک جانے کے لیے رضا مند نظر نہیں آئے، 24 فیصد پاکستانیوں نے بہتر مستقبل کیلئے پاکستان چھوڑنے پر آمادگی کا اظہار کیا۔ سروے کے مطابق سیاسی وابستگیوں کی بنیاد پر دیکھا جائے تو (بقیہ نمبر 32)

اسلام آباد، وفاقی وزیر داخلہ شیخ رشید احمد میڈیا سے بات چیت کر رہے ہیں

27 فروری بھارت کے لیے ایک ڈراؤنا خواب رہے گا

پاک فضائیہ کے شاہینوں نے اپنے پروفیشنل ازم کا لوہا منوایا، وزیر اطلاعات آزاد کشمیر

اسلام آباد (حمزہ لطیف سے) آزاد جموں و کشمیر کے وزیر اطلاعات، قانون، انصاف و پارلیمانی امور سردار فہیم اختر ربانی نے کہا ہے کہ 27 فروری بھارت کے لیے ایک ڈراونا خواب رہے گا۔ یوم فتح پر اپنے خصوصی بیان میں وزیر اطلاعات نے کہا کہ پاک فضائیہ کو بھارت کو بہترین جوابی وار پر خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا (بقیہ نمبر 33)

آصفہ بھٹو عوامی مارچ میں شرکت کیلئے روانگی سے قبل بلاول بھٹو کو امام ضامن باندھ رہی ہیں

جہلم، پولیس کی کاروائی، منشیات فروش گرفتار

جہلم (این این آئی): تفصیلات کے مطابق تھانہ سٹی پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے منشیات فروش سمیر مسیح ولد رحمت مسیح ساکن ڈھوک جمعہ جہلم کو گرفتار کیا جس کے قبضہ سے 24 بوتلیں شراب برآمد۔ تھانہ منگلا کینٹ پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے منشیات فروش تنویر حسین ولد محمد اکرم ساکن بھرڈ دینہ کو گرفتار کیا۔

عوامی مارچ میں شرکت کیلئے روانگی سے قبل آصفہ بھٹو نے بلاول بھٹو کو امام ضامن باندھا

کراچی (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے اعلان کردہ عوامی مارچ میں شرکت کیلئے روانگی سے قبل محترمہ بینظیر بھٹو شہید کی صاحبزادی آصفہ بھٹو نے اپنے بھائی اور پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کو امام ضامن باندھا۔ بلاول بھٹو زرداری سلامتی کی دعاؤں کے ساتھ عوامی مارچ کی قیادت کے لئے رخصت ہوئے۔

دنیا کو طویل جنگ کے لیے تیار رہنا چاہیے، فرانسیسی صدر

یورپ میں جنگ لوٹ آئی ہے، یہ فیصلہ صدر ولادیمیر پوٹن نے یکطرفہ طور پر کیا

پیرس (این این آئی) فرانس کے صدر ایمانوئل ماکروں نے خبردار کیا ہے کہ روس کی جانب سے اپنے مغرب نواز پڑوسی پر حملے کے بعد دنیا کو روس اور یوکرائن کے درمیان طویل جنگ کے لیے تیار رہنا چاہیے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق فرانس کے (بقیہ نمبر 34)

سرگودھا، گھریلو جھگڑے پر نوجوان نے فائرنگ کر کے ماں کو زخمی کر دیا

سرگودھا (شعیب بیگ) گھریلو جھگڑے پر نوجوان نے فائرنگ کر کے ماں کو زخمی کر دیا جبکہ دوسرے واقعہ میں نوجوان نے ماں اور بہن کو قتل کر کے خودکشی کر لی پولیس دونوں واقعات میں مصروف تفتیش ہے۔ زرائع کے مطابق سرگودھا ریجن کے علاقہ کلورکوٹ کے گاؤں حسن خان والا میں گھریلو جھگڑے پر نوجوان نے فائرنگ کر کے اپنی ماں عائشہ بی بی کو شدید زخمی کر دیا اور فرار ہو گیا۔ پولیس مضروبہ خاتون کو ہسپتال منتقل کر کے مصروف تفتیش ہے۔

ایک ہی خاندان کے 3 افراد کے قتل کے واقعہ کا نوٹس

ملزمان کو قانون کی گرفت میں لا کر مزید کارروائی کی جائے، وزیر اعلیٰ پنجاب

لاہور (بیورو رپورٹ) وزیر اعلیٰ پنجاب سردار عثمان بزدار نے لاہور کے علاقے میں ایک ہی خاندان کے 3 افراد کے قتل کے واقعہ کا نوٹس لیتے ہوئے سی سی پی او لاہور سے رپورٹ طلب کر لی ہے۔ وزیر اعلیٰ عثمان بزدار نے ملزمان کی جلد گرفتاری کا حکم دیتے ہوئے کہا کہ ملزمان کو قانون کی گرفت میں لا کر مزید کارروائی کی جائے اور مقتولین کے لواحقین کو (بقیہ نمبر 35)

وفاقی وزیر نیشنل سکیورٹی اینڈ ریسرچ سید فخر امام یونیورسٹی آف سرگودھا میں ایگریکلچر 2022 کا افتتاح کرنے کے بعد سٹالز کا معائنہ کر رہے ہیں

ہر سطح پر ایماندارانہ اور آزادانہ انتخابات کروائے جائیں

1973 کے آئین میں دیئے گئے مقننہ، انتظامیہ اور عدلیہ کے جدا جدا اختیارات کے اصولوں کی پاسداری کی جائے، پیپلز پارٹی

پرنٹ اور الیکٹرانک میڈیا میں باضابطہ اور غیر اعلانیہ دونوں قسم کی سنسر شپ کا خاتمہ کیا جائے، پی پی پی عوامی مارچ کا مطالبہ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی نے عوامی مارچ کے 38 مطالبات کے نکات کو جاری کرتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ حکومت کی ہر سطح پر ایماندارانہ اور آزادانہ انتخابات کروائے جائیں، 1973 کے آئین کے مطابق حکومت کا نظم ونسق چلایا جائے، 1973 کے آئین میں دیئے گئے مقننہ، انتظامیہ اور عدلیہ کے جدا جدا اختیارات کے اصولوں کی پاسداری کی جائے۔ (بقیہ نمبر 36)

مکان کی چھت سے گر کر 8 سالہ طالب علم جاں بحق

پولیس کا پتنگ بازوں کے خلاف آپریشن 27 گرفتار 23 مقدمات درج

ساہیوال (این این آئی) گزشتہ رات پتنگ بازی کے دوران چک 135۔ نائن ایل میں چھت سے گر کر 8 سالہ طالب علم عبدالرحمن ہلاک ہو گیا۔ پولیس نے پتنگ بازوں کے خلاف آپریشن کے دوران 27 افراد کو گرفتار کر کے 23 مقدمات درج کر لئے۔

خاتون سے مبینہ اجتماعی زیادتی کے معاملے کا ڈراپ سین

مدعی خاتون مجسٹریٹ کی عدالت میں اپنے پہلے بیان سے مکر گئی

لاہور (این این آئی) بیدیاں میں خاتون سے زیادتی کے معاملے کا ڈراپ سین ہو گیا، مدعی خاتون اپنے پہلے بیان سے مکر گئی۔ لاہور میں مجسٹریٹ کی عدالت میں خاتون سے زیادتی کے معاملے میں مدعی خاتون اپنے پہلے بیان سے مکر گئی اور میڈیکل کروانے سے انکار کر دیا۔ خاتون نے عدالت میں اپنا نیا بیان ریکارڈ کروایا اور کہا کہ میرے ساتھ کسی نے کوئی زیادتی نہیں کی۔ خاتون نے 3 افراد کے خلاف اجتماعی زیادتی کا مقدمہ درج کروایا تھا۔ پولیس حکام کے مطابق اسی خاتون نے 2014 میں بھی تھانہ ڈیفنس سی میں زیادتی کا مقدمہ درج کروایا تھا۔

پاکستان کی مسلح افواج نے دن کی روشنی میں دشمن کو دھول چٹا دی، تہمینہ صادق خان

مظفر آباد (این این آئی) چیئر پرسن وویمن کمیشن آزاد حکومت ریاست جموں و کشمیر تہمینہ صادق خان نے کہا ہے کہ آپریشن سوفٹ ریٹارٹ کی شاندار کامیابی پر آج پوری قوم 27 فروری کو سرپرائز ڈے منا رہی ہے پاکستان کی مسلح افواج نے 27 فروری 2019 کو بھارت کے دو جہاز مار گرا کر اور پائلٹ گرفتار کر کے بھارت کا غرور خاک میں ملا دیا تھا انھوں نے کہا کہ پاکستان کی مسلح افواج نے دن کی روشنی میں دشمن کو دھول چٹا دی۔ انھوں نے کہا کہ 27 فروری کا دن بھارت کے لئے سیاہ ترین دن ہے جس کے بعد کسی کو وہ منہ دکھانے کے قابل نہیں رہا، پاک مسلح افواج نے پاک سرزمین کی طرف میلی آنکھ سے دیکھنے والے کو نیست و نابود کر دینے کا واضح پیغام دیا ہے۔

عمران خان نے ملک کو تباہی کے دہانے پر پہنچا دیا ہے

لانگ مارچ کا مقصد نالائق اور نااہل حکمرانوں کو گھر بھیجنا ہے، ذوالفقار علی بدر

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی کے ترجمان ذوالفقار علی بدر نے کہا ہے کہ عمران خان نے ملک کو تباہی کے دہانے پر پہنچا دیا ہے، لانگ مارچ کا مقصد نالائق اور نااہل حکمرانوں کو گھر بھیجنا ہے، عوام دشمن حکومت نے 350 ارب روپے کے ٹیکس دوبارہ بجٹ میں لگائے ہیں، مزید سات روپے فی لٹر پٹرول مہنگا کرنے کی منصوبہ بندی ہو رہی ہے، حکومت نے کھاد کا بحران پیدا کر کے کسانوں کو بھاری نقصان پہنچایا ہے، اس لئے عمران خان کو گھر بھیجنا ضروری ہو گیا ہے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ذوالفقار علی بدر نے کہا کہ لانگ مارچ 5 مارچ کو لاہور پہنچے گا۔ لاکھوں کی تعداد میں عوام لانگ مارچ میں شامل ہوں گے۔

راولپنڈی، موٹر سائیکلوں کی بے ہنگم پارکنگ کے باعث پیدل چلنے والوں کو مشکلات کا سامنا

پی اے جی ڈی کا دفعہ 370 کی منسوخی پر وائٹ پیپر جاری

سرینگر (اے ایف بی) مودی کی فسطائی بھارتی حکومت کی طرف سے مقبوضہ جموں و کشمیر کی خصوصی حیثیت کی منسوخی کے ڈھائی سال بعد 5 اگست 2019 سے پہلے کی صورتحال کی بحالی کے لیے جدوجہد کرنے والے سیاسی پارٹیوں کے ایک گروپ ”پیپلز الائنس فار گپکار ڈیکلریشن“ (PAGD) نے ایک وائٹ پیپر جاری کیا ہے جس میں خصوصی حیثیت کی منسوخی کے نتائج کے حوالے سے بھارتیہ جنتا پارٹی (بی جے پی) کے دعوؤں کو بے نقاب کیا گیا ہے۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق پی اے جی ڈی کے ترجمان محمد یوسف تاریگامی نے سرینگر میں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پی اے جی ڈی نے وائٹ (بقیہ نمبر 37)

دارالحکومت کیف پر روسی قبضے کا خواب چکنا چور کر دیا، یوکرینی صدر

کیف (این این آئی) یوکرین کے صدر ولودیمیر زیلینسکی نے کہا ہے کہ یوکرینی فوج نے روس کو دارالحکومت کیف پر قبضہ کرنے سے روک دیا ہے۔ غیر ملکی میڈیا کی خبروں کے مطابق گزشتہ روز ایک ویڈیو خطاب میں ان کا کہنا تھا کہ ہم نے ان کا منصوبہ ناکام بنا دیا ہے۔ یوکرینی فوج کا کیف اور اردگرد کے شہروں پر کنٹرول ہے۔ انہوں نے روسی شہریوں سے اپیل کی کہ وہ ولادیمیر پوٹن پر حملہ روکنے کے لیے دباؤ ڈالیں۔ ان لوگوں کو روکیں جو آپ سے جھوٹ بول رہے ہیں، ہمارے ساتھ جھوٹ بول رہے ہیں

جنگلات کی وجہ سے تمام انسانیت کی بقاء ہے، اکمل سرگالہ

جنگلی حیات کی بقاء کیلئے عوام اپنا کردار ادا کرے درخت لگانا صدقہ جاریہ ہے

مظفر آباد (این این آئی) وزیر جنگلات آزاد کشمیر چوہدری محمد اکمل سرگالہ نے کہا ہے کہ جنگلات کی وجہ سے تمام انسانیت کی بقاء ہے جس میں جنگلی حیات بھی شامل ہے، جنگلی حیات کی بقاء کیلئے عوام اپنا کردار ادا کرے درخت لگانا صدقہ جاریہ ہے اور اس میں ہر خاص و عام کو حصہ لینا چاہیے پاکستان موسمیاتی تبدیلی کے لحاظ سے پانچویں نمبر ہے اور اس ضمن میں اس کی عالمی درجہ بندی میں تبدیلی اور بہتری کے لیے کوششیں جاری ہیں۔ ملک میں 33.1 فیصد رقبے پر جنگلات ضروری ہیں جبکہ پاکستان میں صرف 5 فیصد رقبے پر جنگلات موجود ہیں۔ موجودہ شجرکاری مہم کے سلسلے میں زیادہ سے زیادہ پودے لگائے جائیں (بقیہ نمبر 38)

تعلیم کے بغیر کوئی معاشرہ پنپ نہیں سکتا، میاں اسلم اقبال

حکومت نے تعلیم کو اپنی اولین ترجیح بنایا ہے، صوبائی وزیر صنعت وتجارت

لاہور (این این آئی) وزیر صنعت وتجارت میاں اسلم اقبال نے کہا ہے کہ تعلیم کے بغیر کوئی معاشرہ پنپ نہیں سکتا، تعلیم کو فروغ دے کر ہی ترقی وخوشحالی کی منزل حاصل کی جا سکتی ہے، قوم کے بچوں کی تعلیم کے لئے وسائل کی فراہمی اخراجات نہیں بلکہ روشن مستقبل کے لئے سودمند سرمایہ کاری ہے، پنجاب حکومت نے تعلیم کو اپنی پہلی ترجیح بنایا ہے۔

بھارتی طیارے گرانے کے 3 برس مکمل ہونے پر ”سرپرائز ڈے“ پر پیغام

شاہینوں نے بھارتی فضائیہ کے جہاز گرا کر پورے بھارت میں صف ماتم بچھا دی، عثمان بزدار

لاہور (بیورو رپورٹ) وزیر اعلیٰ پنجاب سردار عثمان بزدار نے کہا ہے کہ 27 فروری 2019 کو پاک فضائیہ کے شاہینوں نے 2 بھارتی جنگی طیارے تباہ کر کے بھارت کا غرور خاک میں ملا دیا۔ قوم پاک فضائیہ کے شاہینوں کی شجاعت اور بہادری کو خراج تحسین پیش کرتی ہے۔ یہ دن پاکستان کی فضائی دفاع کی تاریخ میں ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ وزیر اعلیٰ عثمان بزدار نے بھارتی طیارے گرانے کے 3 برس مکمل ہونے پر ”سرپرائز ڈے“ پر اپنے پیغام میں کہا کہ 27 فروری 2019 پاکستان کی دفاعی تاریخ کا روشن باب ہے۔ پاک (بقیہ نمبر 39)

اناللہ وانا الیہ راجعون
پیر ہارون الرشید کے انتقال پر وزیر مذہبی امور نورالحق کی تعزیت

سجادہ نشین دربار عالیہ موہڑہ شریف الحاج پیر ہارون الرشید صاحب کے انتقال پر وزیر مذہبی امور پیر نورالحق قادری کی تعزیت۔ اللہ تعالیٰ غمزدہ خاندان کو اس دکھ کی گھڑی میں صبر جمیل عطا فرمائے اور مرحوم کی بخشش فرما کر بلند درجات عطا فرمائے۔

عثمان بزدار کا دربار عالیہ موہڑہ شریف کے سجادہ نشین پیر ہارون الرشید کے انتقال پر اظہار تعزیت

لاہور (بیورو رپورٹ) وزیر اعلیٰ پنجاب سردار عثمان بزدار نے دربار عالیہ موہڑہ شریف کے سجادہ نشین الحاج پیر ہارون الرشید کے انتقال پر دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ وزیر اعلیٰ عثمان بزدار نے اپنے تعزیتی پیغام میں سوگوار خاندان سے دلی ہمدردی اور تعزیت (بقیہ نمبر 40)

مہران کار کی ٹکر سے راہگیر خاتون جاں بحق، ڈرائیور فرار

حادثہ بیول کے نواحی علاقہ دریالہ سگین کے قریب پیش آیا

گوجرخان (قمر شہزاد) تفصیلات کے مطابق بیول کے نواحی علاقے میرا نشس بنی چوک کے قریب روڈ ایکسیڈنٹ میں راہگیر 65 سالہ خاتون جاں بحق ہو گی ڈرائیور گاڑی چھوڑ کر فرار ہونے میں کامیاب بنی چوک میں مہران کار کی ٹکر سے راہگیر خاتون نسرین اختر زوجہ نور حسین عمر 65 سال سکنہ کما گر داخلی دریالہ سگین جاں بحق ہو گی واقعہ کی اطلاع ملتے ہی ریسکیو 1122 کی ٹیم اور پولیس چوکی قاضیاں کے اہلکار موقع پر پہنچ گے جبکہ ڈرائیور ایکسیڈنٹ کے بعد موقع سے فرار ہو گیا پولیس چوکی قاضیاں نے مقدمہ درج کر کے تفتیش کا آغاز کر دیا اور گاڑی کو بھی قبضے میں لے لیا جبکہ ریسکیو 1122 نے ڈیڈ باڈی کو پوسٹ مارٹم کے لیے ہسپتال میں منتقل کر دیا

حادثے کا شکار ہونے والی کار کھیتوں میں پڑی ہے

ساتویں ایڈیشن کی فاتح ٹیم کیلئے انعامی رقم میں 3 کروڑ روپے کا اضافہ

فائنل میں جیتنے والی ٹیم کیلئے ٹرافی کیساتھ 8 کروڑ روپے کی انعامی رقم رکھی گئی

لاہور (این این آئی) پاکستان سپر لیگ 7 کے فائنل میں جیتنے والی ٹیم کے لئے ٹرافی کے ساتھ 8 کروڑ روپے کی انعامی رقم رکھی گئی جبکہ رنر اپ ٹیم کے حصے میں 3 کروڑ 20 لاکھ روپے کی رقم آئی۔ پلیئر آف دی ٹورنامنٹ کو 30 لاکھ روپے، بہترین بیٹر اور سب سے زیادہ وکٹیں لینے والے بالر، بہترین فیلڈر، کیپر، ایمرجنگ، آل راؤنڈر اور امپائر آف دی لیگ کیلئے بھی 35، 35 لاکھ روپے کے چیک رکھے گئے۔ اسپرٹ آف کرکٹ ایوارڈ کی نامزدگی حاصل کرنے والے کے لئے بھی 35 لاکھ روپے رکھے گئے۔ پی ایس (بقیہ نمبر 41)

راولپنڈی، مری روڈ کمیٹی چوک انڈر پاس ٹریفک جام کا منظر

سندھ سے پی ٹی آئی کا وجود ختم ہو چکا ہے، مولا بخش چانڈیو

حکومت میں کھلبلی مچی ہوئی ہے، یہ جو گھونگی سے نکل رہے وہ لڑائی چاہتے ہیں

حیدرآباد (این این آئی) پیپلز پارٹی کے سینیٹر مولا بخش چانڈیو نے کہا ہے کہ سندھ سے پی ٹی آئی کا وجود ختم ہو چکا ہے۔ مولا بخش چانڈیو نے غریب آباد چوک پر میڈیا کے نمائندوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ حکومت میں کھلبلی مچی ہوئی ہے حکومت پریشان ہے، یہ جو گھوٹکی سے نکل رہے وہ لڑائی چاہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ وہ لوگ ہے جنھوں نے عوام کو مہنگائی سے ستایا ہے، یہ کس منہ سے عوام کے اندر نکل رہے ہیں؟ سندھ میں آپ کو کوئی نہیں پوچھتا ہے، سندھ میں آج بھی بھٹو ہیں اور بلاول ہے، سندھ سے پی ٹی آئی کا وجود ختم ہو چکا ہے۔

24 فروری آزاد جموں وکشمیر کی تاریخ کا ایک بڑا دن تھا

مسئلہ کشمیر پر ریاستی قیادت ایک ہے، چوہدری پرویز احمد وڑائچ

مظفر آباد (این این آئی) آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر کے مشیر وزارت انڈسٹری اینڈ ٹریڈ و معروف کاروباری شخصیت چوہدری پرویز احمد وڑائچ نے کہا ہے کہ 24 فروری آزاد جموں وکشمیر کی تاریخ کا ایک بڑا دن تھا جب ریاست کی تمام سیاسی قیادت نے یہ پیغام دیا کہ مسئلہ کشمیر پر ریاستی قیادت ایک ہے۔ انھوں نے کہا کہ صدر ریاست (بقیہ نمبر 42)

ایڈیٹر انچیف۔ محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل الہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035

ہم سندھ کے لوگوں کو صحت کارڈ دینا چاہتے ہیں، شاہ محمود قریشی

پیپلز پارٹی کے رہنما رکاوٹ بنے ہوئے ہیں، ہم نے دیوالیہ معیشت کو سہارا دیا، اسے استحکام کی طرف لیکر آئے اور اب بحالی کے راستے پر گامزن ہیں

یہ محترمہ بینظیر بھٹو کی نہیں، زر اور زرداری کی پارٹی ہے، جس کا مقابلہ کرنے عمران خان کا قافلہ میدان میں اترا ہے، وزیر خارجہ

کراچی (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے وائس چیئرمین و وزیر خارجہ مخدوم شاہ محمود قریشی نے کہا ہے کہ ہم سندھ کے لوگوں کو صحت کارڈ دینا چاہتے ہیں، پیپلز پارٹی کے رہنما رکاوٹ بنے ہوئے ہیں، ہم نے دیوالیہ معیشت کو سہارا دیا، اسے استحکام کی طرف لیکر آئے اور اب بحالی کے راستے پر گامزن ہیں، یہ محترمہ بینظیر بھٹو کی نہیں، زر اور زرداری کی پارٹی ہے، جس کا مقابلہ کرنے عمران (بقیہ نمبر 43)

صوابی کے علاقے یار حسین میں چوری کی بڑی واردات

ڈاکو 88 تولے سونا، 19 لاکھ نقد رقم، 14900 درہم لے اڑے

صوابی (آصف یعقوبی سے) صوابی میں پولیس تھانہ یار حسین کی حدود میں گزشتہ رات ڈکیتی کی بڑی واردات ہوئی ہے۔ پولیس کے مطابق پانچ نامعلوم ڈاکوؤں نے گن پوائنٹ پر محمد خالد نامی شخص کے گھر کا صفایا کر دیا۔ ڈاکو اپنے ساتھ 88 تولے (بقیہ نمبر 44)

قوم کو عدم اعتماد سے کوئی دلچسپی نہیں، وزیر اعلیٰ پنجاب

اقتدار کی خاطر سیاست کرنے والی اپوزیشن کے ہاتھ کچھ نہیں آئے گا: عثمان بزدار

لاہور (بیورو رپورٹ) وزیر اعلیٰ پنجاب سردار عثمان بزدار نے کہا ہے کہ اپوزیشن صرف ملاقاتوں میں ہی عدم اعتماد لا رہی ہے۔ عدم اعتماد کا شوشہ صرف چائے کی پیالی میں طوفان کے مترادف ہے۔ عدم اعتماد کی باتیں صرف ہوا میں کی جا رہی ہیں۔ انہوں نے کہا (بقیہ نمبر 45)

بلاول بھٹو زرداری مارچ کے موقع پر گھروں کی چھتوں پر کھڑے لوگوں کے نعروں کا جواب دے رہے ہیں

شہباز، حمزہ آج سپیشل جج سنٹرل کی عدالت میں پیش ہونگے

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر شہباز شریف اور پنجاب اسمبلی میں قائد حزب اختلاف حمزہ شہباز شریف آج (پیر) سپیشل جج سنٹرل کی عدالت میں پیش ہوں گے۔ تمام لیگی عہدیداران اور کارکنان کو قیادت سے اظہار یکجہتی کیلئے عدالت پہنچنے کی ہدایت کی گئی ہے۔

اسلام آباد انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر کارگو سے بھاری مقدار میں ہیروئن برآمد

اسلام آباد (این این آئی) اے این ایف نے ایئرپورٹ پر کارروائی کرتے ہوئے برطانیہ کیلئے بک کروائے گئے کارگو سے 20 کلو ہیروئن برآمد کر لی۔ اے این ایف حکام کے مطابق اسلام آباد انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر اے این ایف نے خفیہ اطلاع پر کارروائی کرتے ہوئے گارمنٹس، کراکری اور دستانوں پر مشتمل کارگو سے بھاری مقدار میں ہیروئن برآمد کر لی۔ اے این ایف نے بتایا کہ کارگو کراچی کی ایک کمپنی کی جانب سے برطانیہ کیلئے بک کروایا گیا تھا، اور اس کارگو کے سامان گارمنٹس، کراکری اور دستانوں میں 20 کلوگرام ہیروئن انتہائی مہارت سے چھپائی گئی تھی، تاہم (بقیہ نمبر 46)

آج کے بچے مستقبل کے معمار ہیں، فرخ حبیب

حکومت کے طبقاتی نظام کو ختم کر کے پورے ملک میں یکساں نصاب تعلیم کے نفاذ سے مستقبل میں دور رس مثبت اثرات سامنے آئیں گے

نجی سکول میں تعلیمی سرگرمیوں میں نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنیوالے طلبا و طالبات میں انعامات تقسیم کرنے کی تقریب

راولپنڈی، ٹی ایم اے کی نااہلی کے باعث تجاوزات کی بھرمار، شہریوں کو گزرنا مشکل ہو گیا

فیصل آباد (این این آئی) وزیر مملکت اطلاعات ونشریات فرخ حبیب نے کہا کہ حکومت نے طبقاتی نظام کو ختم کر کے پورے ملک میں یکساں نظام تعلیم نافذ کیا ہے جس کے مستقبل میں دور رس مثبت اثرات سامنے آئیں گے، نئے نظام تعلیم کے تحت ہر سکول کے سلیبس میں سیرت النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو لازمی مضمون کے طور پر شامل کیا گیا ہے تاکہ بحیثیت مسلمان ہمارے بچوں کو اپنے دین (بقیہ نمبر 47)

شمالی کوریا کا بیلسٹک میزائل کا ایک اور تجربہ

پیانگ یانگ (این ای آئی) شمالی کوریا کی جانب سے اتوار کے روز بیلسٹک میزائل کا ایک اور تجربہ کیا گیا۔ گزشتہ ایک ماہ سے شمالی کوریا نے ایسا کوئی نیا تجربہ نہیں کیا تھا۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق رواں برس کے دوران اب تک یہ اپنی نوعیت کا آٹھواں تجربہ ہے۔ ماہرین کے مطابق شمالی کوریا کی حکومت امریکی توجہ یوکرائنی تنازعے پر مرکوز ہونے کا بھرپور فائدہ اٹھانا چاہتی ہے۔ نوبی کوریا کی فوج کے (بقیہ نمبر 55)

پہلے 7 ماہ میں تیل کی قیمتیں 49 روپے 17 پیسے تک بڑھیں

ابتدائی 7 ماہ میں تیل کی قیمتیں کبھی بڑھیں تو کبھی برقرار رہیں لیکن دو دفعہ کم بھی ہوئیں

کراچی (این این آئی) رواں مالی سال کے پہلے 7 ماہ میں تیل کی قیمتیں 49 روپے 17 پیسے تک بڑھیں۔ موجودہ مالی سال کے ابتدائی 7 ماہ میں تیل کی قیمتیں کبھی بڑھیں تو کبھی برقرار رہیں لیکن دو دفعہ کم بھی ہوئیں۔ یکم جولائی 2021 سے رواں ماہ (بقیہ نمبر 48)

سوچ سمجھ کر پاکستان کی جانب نظر اٹھانا، شاہ محمود قریشی کا بھارتی وزیراعظم کو پیغام

تم نے حملہ کیا جس کا ہم نے جواب دیا، ہم نے ابھی نندن کو چائے پلا کر واپس بھیجا

لکی غلام شاہ (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے مرکزی رہنما اور وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی نے بھارتی وزیراعظم نریندر مودی کو پیغام دیا ہے کہ سوچ سمجھ کر پاکستان کی جانب نظر اٹھانا۔ لکھی غلام شاہ میں تحریک انصاف کے جلسے سے خطاب کرتے ہوئے شاہ محمود قریشی نے کہا کہ 27 فروری کی مناسبت سے دو پیغام دینا چاہتا ہوں، ایک پیغام نریندی (بقیہ نمبر 49)

راولپنڈی، لیاقت روڈ پر دکاندار سکول بیگ فروخت کے لئے سجا رہا ہے

عدالتی مفروران کے خلاف کریک ڈاؤن، 95 ملزمان گرفتار

سرگودھا (راحیلہ یوسف سے) سرگودھا میں مجرمان اشتہاری اور عدالتی مفروران کے خلاف کریک ڈاؤن میں پولیس نے 95 ملزمان گرفتار کر لیا اور مزید کی گرفتاری کے لئے تلاش جاری ہے۔ زرائع کے مطابق سرگودھا میں مجرمان اشتہاریوں اور عدالتی مفروران کے خلاف کریک ڈاؤن میں تھانہ کینٹ پولیس نے قمر زمان، تھانہ اربن ایریا پولیس نے عمران، جنید فاروق، تھانہ بھیرہ پولیس نے محمد بشیر، اشفاق، شفقت، تھانہ میانی پولیس نے نعیم مظفر، تھانہ ساہیوال پولیس نے جمعہ خان، سندیل، تھانہ سٹی پولیس نے محمد سجان، تھانہ اربن ایریا پولیس نے شکیل احمد، بشارت حسین، تھانہ ساجد شہید پولیس نے ندیم، تھانہ جھال چکیاں پولیس (بقیہ نمبر 50)

پاکستان خطے میں امن و استحکام کا داعی ہے

27 فروری، پاکستان کا ہر قیمت پر اپنی خودمختاری اور جغرافیائی سلامتی کا دفاع کرنے کے عزم کا اعادہ

امن کے لئے ہماری خواہش بیک وقت اپنے دفاع کے پختہ عزم اور بھرپور صلاحیت کی بھی امین ہے، ترجمان دفتر خارجہ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان نے ہر قیمت پر اپنی خودمختاری اور جغرافیائی سلامتی کا دفاع کرنے کے عزم کا اعادہ کیا ہے۔ جاری اعلامیہ کے مطابق اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ پاکستان ہر قیمت پر اپنی خودمختاری اور جغرافیائی سلامتی کا دفاع کرنے کے عزم کا اعادہ کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج ہماری فضائی حدود کے اندر بھارت کے عاقبت نا اندیشانہ فضائی حملوں کا پاکستان کی طرف سے مثالی جواب دینے کے دن کو تین سال مکمل ہو گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ 26 فروری 2019 کو اقوام متحدہ کے منشور اور (بقیہ نمبر 51)

پی ٹی آئی اور اتحادی عمران خان کے ساتھ ہیں، عثمان ڈار

اپوزیشن چوہدریوں سے بھیک مانگ رہی ہے، اپوزیشن نالائق ہے جو روزانہ عدم اعتماد لاتی ہے

اسلام آباد (این این آئی) معاون خصوصی عثمان ڈار نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی اور اتحادی عمران خان کے ساتھ ہیں۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی اور اتحادی عمران خان کے ساتھ ہیں، اپوزیشن چوہدریوں سے بھیک مانگ رہی ہے، اپوزیشن نالائق ہے جو روزانہ عدم اعتماد لاتی ہے۔ عثمان ڈار نے کہا کہ اپوزیشن کی سانسیں ابھی (بقیہ نمبر 52)

ٹنڈو آدم کے قریب آئل فیلڈ پائپ لائن سے تیل چوری کا انکشاف

ٹنڈو آدم (این این آئی) سندھ کے شہر ٹنڈو آدم کے قریب آئل فیلڈ پائپ لائن سے تیل چوری کا انکشاف ہوا ہے۔ پولیس کے مطابق تیل چوری میں استعمال ہونے والا سامان قبضے میں لے لیا ہے، کارروائی خفیہ اطلاع پر گاؤں چوہدری غلام محمد میں کی گئی۔ پولیس کے مطابق آئل فیلڈ سے کئی سال سے تیل چوری کیا جا رہا تھا، شواہد جمع کر کے ملزمان کی تلاش شروع کر دی گئی ہے۔ پولیس کے مطابق آئل فیلڈ پائپ لائن سے منظم انداز میں تیل چوری کیا جا رہا تھا۔

ایم پی اے چوہدری ساجد کی خصوصی کاوش

میگا پروجیکٹ دولتالہ بائی پاس کے لیے 68 کروڑ روپے کی گرانٹ منظور



گوجرخان (قمر شہزاد) تفصیلات کے مطابق ایم پی اے چوہدری ساجد خصوصی کاوش سے تحصیل گوجرخان میں پاکستان تحریک انصاف کی حکومت کا ایک اور تاریخ ساز منصوبہ جس کے لئے صوبائی حکومت پنجاب نے 68000000 کروڑ روپے گرانٹ کی منظوری دے دی یہ تاریخی منصوبہ دولتالہ بائی پاس جو بن بابا شاہ کمال سے براستہ مداری ہر دو اضلاع راولپنڈی اور چکوال کو شارٹ روٹ فراہم کر کے عوام کو آسان سفری سہولیات مہیا کرے گا اور دولتالہ شہر میں ٹریفک کا رش کم ہوگا یہ تاریخی منصوبہ حاصل کرنے کے لئے پاکستان تحریک انصاف تحصیل گوجرخان (بقیہ نمبر 53)

سرگودھا، 15 پر ڈکیتی کی جھوٹی اطلاع دیکر پولیس کی دوڑیں لگوانے والا شہری گرفتار

سرگودھا (ظہور بخاری سے) سرگودھا میں پکار 15 پر ڈکیتی کی جھوٹی اطلاع دے کر پولیس کی دوڑیں لگوانے والے شہری کو گرفتار کر کے تھانہ جھال چکیاں میں مقدمہ درج کر لیا گیا۔ ذرائع کے مطابق سرگودھا کے علاقہ جھال چکیاں کے چک 60 شمالی سے پکار 15 پر ڈکیتی کی کال پر ایس ایچ او تھانہ جھال چکیاں پولیس ٹیم کے ہمراہ موقع پر پہنچے جہاں کوئی واردات نہ ہوئی تھی جس پر پولیس نے پکار 15 پر ڈکیتی کی جھوٹی کال کرنے والے شہری محمد طاہر کو گرفتار کر لیا اور تھانہ جھال چکیاں میں ملزم کیخلاف پکار 15 پر جھوٹی کال کرنے اور علاقہ میں موجود سرکاری گاڑی پر گشت پر مامور (بقیہ نمبر 54)

مغربی اتحاد کا روس کیخلاف اٹلانٹک فورس بنانے کا اعلان

روس کو بین الاقوامی مالیاتی نظام سے الگ کر دیا جائے گا، بیان

برسلز (این این آئی) مغربی اتحادی نے یوکرین پر حملے کی پاداش میں روسی بینکوں کو سوئفٹ سسٹم سے نکالنے کا فیصلہ کر لیا۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق یوکرین پر روسی حملے کے خلاف مغربی اتحادی نے آواز بلند کر دی، مغربی اتحادی نے روسی معیشت کو کچلنے کیلئے اٹلانٹک فورس بنانے کا اعلان کر دیا۔ مغربی اتحاد کا کہنا تھا کہ روس کو بین الاقوامی مالیاتی نظام سے الگ کر دیا جائے گا اور اس نئے مالیاتی اقدام کی تکمیل اٹلانٹک فورس کے ذریعے کی جائے گی۔ اس ضمن میں امریکا اور برطانیہ نے بھی روس کے مرکزی بینک پر پابندیوں کا اعلان کیا ہے۔